وہی کورکھیت ایک میدان تھا
وہانسے تھا نو کوس کا فاصلا

جو پیدل ہوئی سب وہانسے رواں
ہوئی راہ طے اور پہونچے وہاں

چمن چہارم دربیان جنگ بھیم سین با جرجودھن و شکستن ران جرجودھن

اعزہ ہوئی فرش پر جلوہ گر
کھڑی صف بہ صف واں اہل ہنر

ہوئی اوسجگہ پر جو آغاز جنگ
بیاں کیا کروں میں لڑائی کا ڈھنگ

دلاور تھے بے شبہ دونوں جوان
صغیر و کبیر اونکے سب مدح خوان

کھدی تھی نگیں شجاعت پہ نام
لیا گرز سے پہلے میداں میں کام

قلم کیا کرے شرح اوسکی بیان
کہ ہے دفتر طول یہ داستان

تماشائی تھی جنگ کی دیوتا
زبانوں پہ تھا حرف وصف و ثنا

برستا تھا دونوں پہ باران گل
بدن زخم سے تھے گلستان گل

پھر بھر رہا گرم میدان جنگ
شکست و ظفر کا نہ تھا کوئی ڈھنگ

جدھشٹر بہت دل میں حیران تھا
کہ دیکھیں کسے فتح دے اب خدا

وہ ارجن بھی بحر تحیر میں غرق
اجل کی گرے کسکی خرمن پہ برق

سری کشن جی سے کیا یہ سوال
شجاعت میں دونوں ہیں بے مثال

بھلا ان جوانوں میں ہاریگا کون
لڑائی کو اسوقت ماریگا کون

یہ سنکر جواب آپ نے یہ دیا
کہ قوت میں ثانی نہیں بھیم کا

مگر گرز کا فن اوسے یاد ہے
نہیں مثل یکتا ہے اوستاد ہے

قسم کا کرے بھیم گر کچھ خیال
تو قتل اوسکا ہرگز نہیں ہے محال

حوالہ کرے بڑہ کی گرز گراں
شکستہ ہوں رانوں کی سب استخواں

یہ مغلوب کرنیکی ہے ایک راہ
وگرنہ کریگا وہ سبکو تباہ

اکیلا جو غالب ہو دشوار ہے
وہ فوج شجاعت کا سردار ہے

کہا یہ جو ارجن پہ راز نہاں
کیا آنکھ نے بھیم سے یوں بیاں

دھرا اپنے زانو پہ ہاتھ ایکبار
ہوا اس معمے سے وہ ہوشیار

لڑائی میں جب چیرہ گیا وہ اپر
شکستہ کیا زانوئے نامور

زمیں پر وہ دہر پا شکستہ گرا
ادہر لشکر کا اوسنے سجدہ کیا

کہا میں چھٹا دام سوگند سے
رہائی ملی مجکو اس بند سے

یہ کہکر سرپا سے بے اختیار
وہیں سر کو ٹکرا دیا ایکبار

جدھشٹر نے دیکھا جو طرفہ قصور
کیا مشت سے سینہ بھیم چور

ہوا حد سے کچھ بڑہ کی وہ خشمناک
وہ غصہ کہ جلکر ہوا جسم خاک

جہاں تھا وہ جرجودھن نابکار
یہ رونے لگا جا کے زار و نزار

ملی اپنی آنکھوں سے زخمی کی ہاتھ
کوئی دم کا باقی ہے اب اوسکا ساتھ

سخن سنج یوں تھا وہ اندوہگیں
کہ یہ وقت اب سرزنش کا نہیں

مگر کیا کروں ہاے جلتا ہے دل
یہ گرمی ہے غم کی پگھلتا ہے دل

دکھایا تکبر نے روز زبوں
ہوا لشکروں کا ترے جو خوں

کیا وہ حسد کا سبق تو نے یاد
کہ اوٹھایا بیٹھے ہی بیٹھے فساد

تکبر ہوا باعث کارزار
فلک نے دکھایا یہ احوال زار

مرا اسمیں ہرگز نہیں کچھ قصور
تری عقل ناقص نے ڈالا فتور

مجہی کشت و خون یہ منظور تہا
جو لکہا تہا قسمت مین آیا وہ پیش
ادہشٹر جو روتا تہا بالین پر
عدو کی بہی مرنی سی اک رنج تہا

لڑائی کی نزدیک سی دور تہا
کیا نشتر غم نی سینی کو ریش

فقط پانچ گانو نگاہتا خوشگوار
جو سر زد ہوئی بہیم سی یہ خطا

نہ مد نظر تہی مجہی کارزار
قلم پہیر ئی او سپر اب عفو کر
صدف چشم آنسو بنی تہی گہر
لڑائی ہوئی قاعدہ سی خلاف

چمن پنجم دربیان خشمگین شدن بلبہدر جیو و فہمانیدن سری کشن جیو

عمو نسی وہ دل غیرت گنج تہا
جو بلبہدر جی پر کہلا صاف صاف

مجروح ہونا جرجودہن کا گرز بہیم سے



خطا بہیم نی کی سراسر یہان
اوٹہایا کہ پانچو نکو کشتہ کرون
نہ بہاگین تو پہر خاتمہ تہا وہان
بغل مین لیا آپ نی دوڑ کر
چہوا پانو نسی جو سر نامور
جو بلبہدر نے یہ سُنا ماجرا
بلاشبہہ جرجودہن نیکنام
جو ماتم کدہ بنگئی رزمگاہ
جہان تہا یہ جرجودہن نیم جان

ہوئی اسطرح گرز بازی یہان
زمین اونکی لاشو نسی پشتہ کرون
ہنر سب تہی ہر ایک کی رائگان
کہا اوسکو سوگند پر تہی نظر
دعا ہی رکہیشر کا تہا یہ اثر
سری کشن جی سی سخن یہ کہا
کریگا بہشت برین مین مقام

کیا خانہ دلمین غصّی نی گہر
وہ سب گلشن پانڈوی گلعذار
سری کشن سمجہی کہ پانچو نجوان
نہ فرمائی اسطرحکا غضب
یہ غصّہ غضب کا ہی بیفائدہ
سزا اسکی بعد فنا پائینگے
یہ کہکر گئی وہ سوی دوارکا

پڑی جو موسل اور ہل پر اونکی نظر
ہوئی چہوڑ کر جان اپنی فرار
نہ پائینگی بلبہدر جی سی امان
یہ زانو کا تہا توڑنی کا سبب
قسم کا وہ باعث یہ وعدہ تہا
دعا ہی کہ دوزخ مین وہ جائینگی
اثر یہ دکہائیگی بیشک دعا
زبان قلم پر ہی اب حرف آہ
یہ دیکہا کہ ہین کشن روتی تباہ

چمن ششم دربیان گفتگوی سری کشن و جرجودہن و رفتن بعد مجروح شدن او

پہرائی وہا پہر اک نوجوان
جو انکہو نکو مجروح نی واکیا

او سنی اے مالک دو جہان
نگہبان ہے راز نہان کا خدا
گئی تھی بھلا راستی یہ کہان
پھر آیا غریبون کو بارہ برس
سخن آشتی کا نہ ہرگز سنا
ہوا قتل تو اپنی ہاتھون سے آہ
جو کچھ بادشاہی کی تھی قاعدے
کہ ناگاہ اوسوقت افلاک سے
سوے اردوی لشکر کوروان

مٹا آپکی وجہ یہ خاندان
ملے حق تعالی سے ہمکو سزا
ہوا بھیم کا تو طلبگار جان
بچایا نہین کوئی نہ تہا ہمنفس
بنائی نئی کعبتین دغا
دکہایا تکبر نے روز سیاہ
مجھے کیا ہے الزام وہ [illegible]
گل باغ جنت یہ سننے لگے
گئی کشن کی ساتھ پانچون جوان
نظر سے چھپے شکل نور نظر

ہوئی قتل بھیکم دروند کرن
دیا کشن نے اس سخن کا جواب
بنایا تہا گنبد ہک سے تونے مکان
ہوا جانسے دشمن دریدی
وہ ابہمن تہا جو کودک خرد سال
دیا اسکا مجروح نے یہ جواب
سزا ہے یری نیت کی دی مجکو حق
حفاظت کو مجروح کی چند کس
سری کشن کی حکم سے سب وہان
نمایان ہوئی آتش شعلہ بار

خزان ہو گیا صاف سیر چمن
نہین یاد ہے تجکو اپنا حساب
کہ جل جائین آتش مین پانچون جوان
نصیحت کسیکی سماعت نکی
کیا چھ جوانون نے ملکر جلال
مقدر مین تدبیر کا کیا حساب
نہین جان جانیکا اصلا قلق
مقرر کیے شاہ نے چند کس
ارابی سے اوتری تو بچہ ناگہان
ارابہ چلا جسپہ تھے یہ سوار

چمن ہفتم در بیان رسیدن سری کشن جی در ہستناپور و فہمائش دہرتراشٹر و گاندہاری

جو برق پہ ہنومنت تھی جلوہ گر
یہ تھی ناوک استو تہا مانگی لاگ
سری کشن جو عالم الغیب ہے
خبر اغم سے تھا گاندہاری کا حال
ہوئی تر انسوؤن سے ہین موج زن
خزان ہوگیا صاف وہ خانہ باغ
وہ دونون ہوئی اور بھی نوحہ گر
کہانتک کہون غم کا قصہ ہے طول
یہی بات بس تمکو مد نظر
خزان ہو گئی ہائے ری یہ بہار
عوض پھول کی دلمین ہین خار غم
سری کشن نے جب سنی یہ سخن
جو لکہا تہا تقدیر مین وہ ہوا
نصیحت کسیکی نہ اوسنی گوش

سوے ہستناپور راہی ہوے
وہ رنج و الم زندگی تھی وبال
بنا رشک آے وان پہ [illegible]
ملی دست پیر فلک سے یہ داغ
مٹا بیکسی نقش غم نے جگر
دل گاندہاری نہایت ملول
کہ گشتہ ہوئی اکبارگی سو پسر
ملی خاک و خون مین وہ سب گلعذار
شگفتہ ہین سینہ مین داغ الم
شگفتہ ہوا گل کی صورت دہن
نغم کی جگہ ہے نہ بارا ی الا
شراب ہنر کا سر مین تہا جوش

جو وہ شاہ انکہون سے معذور تھا
یہ دونون غم و رنج مین مبتلا
دل زار مین نونہالون کا غم
سری کشن وارد ہوئی ناگہان
قلم لکھے کیا بزم ماتم کا حال
سری کشن بھی فی ہوئے نکتہ سنج
مری نونہال چمن لٹ گئی
گئی باغ ہستی سے سرو روان
نہ تھی تمسے امید اس بات کی
مرض کو مقدر کی چارہ نہین
سوا اسکے جر جو رہین نامدار
ملی اوسکو اعمال کی یہ سزا

عجب شعلہ افگن تھی پیکانکی اگ
دل زار اس غم سے رنجور تھا
دلون مین قلق شور غم تھا بھرا
کیسی گردش چرخ نے یہ ستم
جہان گرم تھی بزم آہ و فغان
کہ تیغ الم سے ہر اک تھا نڈھال
ملی آپکی وجہ یہ داغ و رنج
وہ سب گل سر انجمن لٹ گئی
ہوا گل سے خالی بھرا گلستان
مروت نہ آئی ملاقات کی
شفا ہین کسیکا اجارہ نہین
تکبر سے تہا طالب کارزار
وہ اس غم کا بانی مبانی ہوا

سوا صبر کی اب نہیں کچھ علاج
نہ کام آئینگی آہ و زاری یہ آج
مقدر مین تھا جو ہوا آشکار
کرو دل سے کم زور اپنی غبار

جدھشٹر کو دو گی جو تم بددعا
کریگا قبول اوسکو بیشک خدا
نہونگی مگر زندہ تیرے پسر
گذر جای گی انکی بھی جان پر

جو زندہ رہی پانڈ کی گلعذار
نہ پھونچیگا اونسے تمہین کچھ خار
دل و جانسے خدمت بجا لائیگی
سعادت شعاری ہی پیش آئیگی

سخن گاندھاری کو آیا پسند
کہا مجھپر احسان کیا کشن چند
کہ پہلے سے آگاہ اگر کیا
وگرنہ مین دیتی اونہین بددعا

مری خاندانکی ہین اب وہ چراغ
چچا کو نہ دین کوئی وہ تازہ داغ
وہ ہی جای فرزند ہین اب پسر
کرونگی ترحم کی اونپر نظر

ہوا جب یہ دروازہ رنج بند
جدھشٹر کی پاس آئے پھر کرشن چند

چمن ہشتم در بیان جانشین ساختن جرجودھن استوتھامان را

ابھی جان باقی ہی کچھ جنگ مین
کھلیگا نیا رنگ اس رنگ مین
نیا گل کھلائی گی تقدیر اب
بدل گشت و خون کی ہی تدبیر اب

جہان تھا وہ جرجودھن خستہ جان
جو زندہ بھی پہونچی وہ تینون جوان
بدن زخم کاری سے تھا اوسکا چور
سنبھل کی وہ بیٹھا کیا رنج دور

کیا خاک و خون ناہی چہرسی پاک
مگر خنجر غم سے پہلو تھا چاک
مزین کیا سر کو دستار سے
نہ تھا رنج دل مین کچھ آزار سے

انا استوتھامان کا جرجودھن کے پاس



سمن استوتھامانکی اب داستان
کیا اوسنے مجروح سے یون بیان
اگر حلم ہو تو ابھی رات کو
دکھادون ابھی کرکی رن رات کو

دشت دمن کو دکھاؤن عدم
سر بھیم کو بھی کردون دو قلم
ہوا یون سخن سنج وہ نیم جان
یہی اب شجاعت کا ہی وقت ہان

جو کچھ کام مین آئی وہ خوب ہی
مجھے قتل دشمن کا مطلوب ہی
وہ ہون قتل ہی دلکو یہ آرزو
ابھی تک ہی اس بات کی جستجو

ستارہ تھا اوس نوجوان کا جوان
کیا جانشین اپنا اوسکو وہان
کہا کیرت اور کرپ سے یہ سخن
کہ یہ استوتھامان جو ہی تہمتن

ہوا تخت شاہی اسی مینی آج
مبارک ہو اسکو نگین ملک تاج
ارادہ ابھی اسکو ہی جنگ کا
تمہین ساتھ اسکے جوانکی کہا

سر بھیم آئی اگر کاٹ کر
ابھی درد و غم دور ہو سر بسر
یہ کہکر زمین پر وہ زخمی گرا
اوڑا ہوش آنکھ کا تیور پھرا

شل پرب تمام ہوا

خیابان دهم از چمنستان هژده هندوستان یعنی سوپتک پرب درین پرب هشتصد و هفتاد اشلوک ست

قریب آئی اب روز میدان کی شام
که هوتا هی اٹهارهوان دن تمام

چمن اول دربیان جنگ کردن اسنو تهامان بوقت شب بر [illegible]

هوئی اوس جگه سی دلاور روان
جو تهی زیر شجر ناگهان

یه دیکها که اک بوم نی وقت شب
کیا قتل زاغان خفته کو سب

دل اسنو تهامان مین جو تهی بدی
یه نفر سر ده نون جوانون سی کی

بتاتا هی یه اب شب خون کی راه
نصیحت پر اسکی هی میری نگاه

کرین چهلکی دشمن کا غفلت مین کام
کسی طرح قصه هو جلدی تمام

کها کرپ نی دهرم سی دور هی
سحر کو لڑینگی جو منظور هی

غرض اوسنی مانا نه انکا سخن
لگا آفتاب خرد مین گهن

جدهشٹر کی لشکر مین پهونچا جوان
وهانکی سنو جیسی اب داستان

در خیمه پر ایک دربان تها
عجائب طرح کا وه انسان تها

کمر سے لپیٹے هوئی چرم شیر
دهری دوش پر پوست لیهو دلیر

کشاده دهن ایک مار سیاه
پڑا اوسکی گردن مین سر پر کلاه

اوسی اسنو تهامان ڈرا دهکیر
حواله کیا گرز و نیزه تبر

سلح اوسکا هر ایک ضایع هوا
دهن مین وس افعی نی اوگل دیا

نه پهونچا کوئی زخم دربان پر
نه آیا کوئی حادثه جان پر

هوا سخت حیران یه نوجوان
اوٹهائی نظر جانب آسمان

سری کشن آئی هوا پر نظر
کوئی کام آیا نه هرگز هنر

مهادیو کا دهیان دلمین کیا
تصور هی کام اپنا اوسدم لیا

مهادیو ناگه هوئی مهربان
کها اسنو تهامانسی ای نوجوان

سر پشم اسکی نگهبان هین
جدهشٹر په سو دلسی قربان هین

مشقت هی تیری یه بیت اٹهانگا
نه بی سوت دهی هانسی نقد جان

سنی اسنو تهامان نی جب یه کلام
کها ای مهادیو عالی مقام

عنایت نه فرمائی گا اگر
تو جل جاؤنگا آگ مین آپ پر

جو یہ گفتگو نوجوان کی سنی	مہا دیو نی ایک شمشیر دی	درشٹ دمن پر کیا پہلی وار کشتہ ہونا درشٹ دمن کا شمشیر استوتھاماں سی	عروس اجل سی ہوا ہمکنار



جو مارا گیا یہ وہ دربان تھا
وہاں پانچ تھی دروپدی کی پسر
وہ بھی لگی صاف کشتوں کا خون
ہوا استوتھاماں سی اگر دوچار
لیے پانچون اون نوجوانوں کی سر
تھا پانڈو کی تھی جو پانچون پسر
جو سنبھلا ذرا اوٹھ کی بیٹھا وہان
ہوئی چند پارہ جو ہاتھون سی سر
پدر سی مشابہ تھا ہر اک پسر

کیا قتل قاتل کا بیان تھا
لئی کاٹ غفلت مین پانچونکی سر
ہوئی ساری لشکر کی حالت زبون
کیا صاف تیرونسی سینہ فگار
گریزان ہوا جان کو چھوڑ کر
یہ لی کاٹ لایا ہو نہین اونکی سر
تن زار مین آگئی تازہ جان
تو اوسوقت سمجھا وہ عالی گہر
الم سے ہوا چارپارہ جگر

خدا جانی کیا سحر و افسون کیا
کیا سر سکنڈی کا جسم سے جدا
اوسی شب کو اک بار پچھلے پہر
بچا استوتھاماں مگر جان سے
جہان تھا و جرجودھن خستہ جان
یہ مژدہ جو اوس خستہ جان نی سنا
اوسی تھا جو طاقت کا اپنی غرور
نہ یون ٹوٹتا بھیم کا مجھسے سر
کہا آہ ای بانی کشت و خون

ہزارون کا شمشیر نی خون کیا
نمایاں ہوئی اک زن مہ لقا
کسی سی یہ سہانک کو پوچھی خبر
قدم اوٹھ گئی اوسکی میدان سی
ہو اکیطرح بھاگ آیا وہان
نہ تھا ہوش پر ہوش مین آگیا
کیے دونون ہاتھون سے پر جو جوان
ہوئی قتل یہ دروپدی کی پسر
ہوا تجھسے سرزد یہ کار زبون

یہ تھی بھائیون کی مری نو زمین — دل دریدی کی تھی از غم حزین
ہوئی آتش مہر و شعلہ زن — سلگ کی ہوا راکھ سارا بدن
تن زار سی تھا روان مرغ جان — کھڑی تھی غرض کیرت برو بان
مقدر مین اوسکی تھا یہی رقم — کہ یکجا ہون جسوقت شادی و غم
اوس آغاز کا بس یہ انجام تھا — نہ پھر جاہ و مکنت سے کچہ کام تھا
اوڑانی لگی خاک وہ سر بسر — گریزان ہوئی خوف سی یکدگر
ہوا مفت اون بی گناہون کا خون — نہ کیون حال ہیرا ہو غمسی زبون
دم مرگ اوسنی دیا اور غم — لبون پر تھا اس غمسی زخمی کا دم
جھکا سر لیا اپنی آغوش مین — پڑا تفرقہ لشکر ہوش مین
اوسیوقت آئی گی اوسکی اجل — گئی روح قالب سی جلدی نکل
ہراسان ہوئی ملین تینون جوان — ہوئی چشمون سی آب حسرت روان
لٹی گلشن پانڈ کی جو ثمر — نیا گل کھلائینگی اونکی پدر

کشتہ ہونا راجہ جدشٹر کے پانچون برادرزادون کا اور اجل نصیب ہونا جرجودہن کا یہہ خبر سنکر



سوپتک پرب تمام ہوا

خیابان یازدہم از چمنستان سواد ہندوستان یعنی استری پرب ودرین ہفتصد وہفتاد وپنج اشلوک است

نہ تھی اپنی لشکر مین بانو نہ جوان
چمن اول دربیان شنیدن راجہ جدہشٹر خبر کشتہ شدن فرزندان دریدی
گئی تھی سو خیمۂ کوروان

نہ تھی اس قیامت سے اونکو خبر
پڑا آخر سن عیش مین یہ شرر

ہوائے اجل نے لیے گل چراغ
زمین پر گری کٹ کے دو شنبر باغ

درشت دمن کی بہلیان نے
جدہشٹر سے شب کے قصے کہے

خزان ہو گیا گلشن دریدی
نہ کیون تلخ ہو لذت زندگی

درشت دمن بھی ہوا جان نثار
سکندی بھی ہوا سوے جنت سوار

وہ کانون سے سنتے ہی حال زار
گرا خاک پر دل ہوا بیقرار

نمایان ہوا عالم بیخودی
ملی خاک مین فتح کی سب خوشی

خدنگ الم صاف تھا دل کے پار
طبیعت کو تازہ ہوا انتشار

جو بھی ساتھ راجہ کی رونی لگی
وہ بیجان پر جان کھونی لگی

کھینچی کیا پیرہن اپنا چاک
بھرا اشک سے روے دامان خاک

گریبان کھینچی کیا تار تار
کوئی غمزدہ غم سے تھا اشکبار

سری کشن نے سبکو تسکین دی
دلی کاوش رنج و غم دور کی

جدہشٹر کی چہرے پہ چھڑکا گلاب
ہوا دور آنکھون سے غفلت کا خواب

افاقہ طبیعت کو حاصل ہوا
شگفتہ ذرا غنچۂ دل ہوا

نکل دریدی کو بھی لایا وہان
ہوا اور بھی شور آہ و فغان

لگی نخل ماتم مین تازہ ثمر
نکلتی تھی مژگان پہ لخت جگر

کوئی رو رہا تھا وہان زار زار
کوئی کاوش غم سے سینہ فگار

کوئی یاد مین نونہالون کی آہ
پڑا تھا زمین پر بحال تباہ

کسیکو نہو درد و غم یہ نصیب
نہو مبتلا اسمین کوئی غریب

سری کشن نے غم کیا اونکا دور
کیا صبر کہ پاس لازم ضرور

ہوا صبر کی کوئی چارا نہین
امانت ہین اصلا اجارا نہین

لیے اشک دامان الفت سے پاک
ہوئی دور چہرہ سے ماتم کی خاک

کہون دریدی کا مین کیا حال زار
چمن دوم دربیان طلب کردن دریدی جواہر دو سر اسوتھامان
جو تھا غنچۂ دل مین اک غم کا خار

گلستان عشرت بنا خار زار
اوڑا باغ راحت سے رنگ بہار

سخن سنج کہتی ہے مادر پسر
کہ ای بھیم لا اوس ستمگر کا سر

که گلشن ہوا میرا جس سے خزاں
وگرنہ جو آنکھوں سے میری نہاں

کہا دروپدی نے جب شتر سے صاف
کہ فرمائیے جو ہو اوسکا معاف

شکستہ نہ یہ رشتہ دم ہو
ذرا صبر کو تم نہ ہاتھوں سے دو

مگر فرط غم سے نہ اوسنے سُنا
وہی بھیم سے پھر دوبارہ کہا

روانہ ہوا تب اوسی وقت بھیم
ارا پہ سواری کا رشک نسیم

سری کشن و ارجن بھی ماتند باد
عقب اوسکی تھی بہر دفع فساد

غم نور دیدہ سے دل نہاد و نیم
سر استو تھاماں پہ آیا جو بھیم

لب گنگ پوجا میں مغرق تھا
قیامت تھا غصہ میں تھا یا برق

نہ تھا استو تھاما کے دل میں قرار
لگا نسے چھٹا ناوک شعلہ بار

اوس ارجن نے بھی تیر آتش فشاں
لگا یا مقابل میں کھینچی کماں



آتش افشانی تیر استو تھاما کی ارجن کے مقابل

ہو خوب آتش کا ہنگامہ گرم
مضامین ہوں وہ گرم شایان رقم
جہان بنگیا صاف آتش کی گاہ
کہا آکے ارجن سے ای ذی ہنر
مناسب ہے تو پھیر لے اپنا تیر
جو نارد نے اوس سے اشارہ کیا
یہ قبضہ نہیں ہے مرا تیر پر
کہا یہ گنہگار ہے آپ کا
سر استو تھاماں میں نہیں جسکو جا
ہوا تیر جسدم کمانسے جدا
زن پور ارجن جو ہے حملے سے

چمن سنو مر بیان محفوظ ماندن جہان از ہمین تیر استو تہاما و اورد جواب

ہے شمع سوزاں زبان قلم
ہوا ایک شعلہ زمین آسمان
یہ آتش جلائیگی سب خشک و تر
جلی جاتی ہیں سب صغیر و کبیر
کہ ناوک کو اپنے کرے تا جدا
فقط یاد ہے چھوڑنے کا ہنر
مناسب جو ہو دیجیے وہ سزا
طلب کشن نے وہ جواہر کیا
یہ تھا عہد پانچوں کو دونگا جلا
دعا ہے نہ جلنے سے وہ پہلے بچے

ورق روکش شعلہ مہر ہو
جو نارد نے دیکھا یہ جانسوز حال
دو عالم کی ہے دشمن جان یہ آگ
دیا اوسکو ارجن نے جلد جواب
دیا استو تھاماں نے اونکو جواب
جو نارد نے مجبور پایا اوسے
مگر پھیر لے جلد وہ تو خدنگ
کہا استو تھاماں نے ای جرم پوش
اگر وہ نہ اس آگ میں جل بجھے
دیا کشن نے یہ جواب سخن

کہ جسکی رقم میں ہوا خامہ گرم
پھر خالی نقطوں میں اک سحر ہو
تردد ہوا دل میں اونکے کمال
قیامت نہ برپا کرے ہائے آگ
کہ وہ بھی تو تیر اپنا پھیرے شتاب
نہیں مجھ میں یہ طاقت و زور و تاب
فریب سر کشن لایا اوسے
کہ ہیں اسکی گرمی سے کونین تنگ
مری دل میں تھا جو شجاعت کا جوش
جلی دل میں یہ آرزو تھی مجھے
کہ ارمان بجا ہے ای برہمن

دعا ہے یہ میری کہ وہ نونہال
اگر میری کہنے سے ہے انحراف
امان آگ سے سبکو ارجن نے دے
غرض دروپدی کو جو اہر ملا
کرم کشن کا شامل حال تہا
قلم بنگیا نخل ماتم کی شاخ
ہوا قتل جرجودہن جنگ جو
ملا خاک و خون مین وہ نور نگاہ
ہوئی داخل مجلس بادشاہ
دل زار مین تہا جو رنج نہان
کیا کور دیدہ سے اوسکو دوچار
کیا اسقدر زور کیا ہو بیان

حکومت کرے دہر مین شصت سال
دعا دونگا مین تجکو اے خاکسار
فقرہ دونون تیر و نکلی آتش ہوے
ہوئی خوش جدہشٹر کو اسنے دیا

جلائی یہ آتش اوسی دور نے
یہ سنکر وہ مجبور ترسان ہوا
لڑائی کا جہگڑا ہوا اختتام
جو سر پر ہوا اوسکی وہ جلوہ گر

قدم بڑہ کی رکہی یہ مقدور نے
جواہر جو تہا سب مین اونکو دیا
غم و رنج و شیون کا ہے اہتمام
تو نور رخ مہر آیا نظر
ہوئی فتح جو اونکا اقبال تہا
نکلتا ہے لب سے یون غم مین حرف
کہی اونسے سنجے نے یہ داستان
سری کشن و ساتک بحال تزار
مگر بہیم سے تہی عداوت کی راہ
بنائی تہی آہن سے اک شکل بہیم
وہ تصویر آہن جو تہی کج ہوئی
کلیجہ تہا ٹکڑے دوبارہ جگر

چمن چہارم در بیان خبر کشتہ شدن جرجودہن بدہرتراو گاندہاری

سے اور نکلی نہ کیون غم کی شاخ
ملی اب سے تیغ کے آبرو
زمانہ نظر آیا اونکو سیاہ
عجب غم سے تہا حال اونکا تباہ
کہا شہ نے اے بہیم تو ہے کہان
بغل مین لیا اوسنے جو ایکبار
دہن سے ہوا خون و سیماب روان

نہ کیون ہون سیہ پوش ماتم مین حرف
جو مادر پدر اوسکی تہی نیم جان
ادہر گلشن پانڈو کی گلغذار
بغل گیر اک سے ہونا تہا شاہ
سری کشن کو جان کا خوف و بیم
صفت کیا کرون شاہ کی زور کی
رہی ہوش کی ہے نہ مرگز خبر

بغل گیر ہونا بھیم آہنی سے دہرتراشٹ کا



جو تہ بیہوشی سے ہوا ہوشیار
دیا کثرت غم نے تازہ ملال
جو سنجے نے دیکہا پریشان حال

بنا مرغ بسمل دل بیقرار
بھتیجے کو مین نے کیا جو حلال
کیا دور خستہ جگر کا ملال

یہ کہتا تہا اس غم سے ہو شیفتہ حال
سنجے نے غم کی دیا وہ فشار
کہا اوسنے تصویر آہن کا حال

کیا بھیم کو مین نے ناحق ہلاک
کہ رونے لگا بزم مین زار زار
ہوا دور اوس خستہ جان کا ملال

بہر حال رفع تاسف ہوا
قلم گاندہاری کا لکھتا ہی حال
ہوئی بزم افروز ناگہہ پاس
ہوئی آتش رنج و غم شعلہ زن
قضا مین کسیکا اجارہ نہین
جدشٹر ہی اب خاندان کا چراغ
جدشٹر بھی اتنے مین پہنچا وہان
ہر اک اونکی قدمونپہ کہتا تھا سر
کہا اوسنی ای مادر مہربان
بھتیجی کو جدشٹر نی دیکھا خفا
کسی سی نہ کچہ آپ فرمایئے
کھلا تھا جدشٹر کا انگشت پا

چمن پنجم دربیان رفتن گاندہاری بر کنار گنگ

مگر دل ہی رنج و الم سے نڈھال
ہوا غم رسیدہ کو غم بیقیاس
مرتب ہوئی غم کی اک انجمن
سوا صبر کی اور چارہ نہین
نہ دیتا اوسی کوئی نفرین کا داغ
ہوا گرم بازار آہ و فغان
ہوا بھیم کا اوسجگہ جب گذر
ہر اک شخص پیہ عقدہ عیان
بصد عجز قدمونپہ سر رکھدیا
خفا ہو کی آنکھین نہ دکھلایئے
نظر جو پڑی صاف ناخن جلا

نہین تھین نہانی کو وہ سوی گنگ
وہ اشکون کا دریا بہانی لگی
وہان گاندہاری سی کہنی لگی بیاس
نصیحت لگی تیری لڑکون نے گوش
تری بیر عمر و رونسی بہتر ہی وہ
بہم دونون رونی لگی زار زار
کہا گاندہاری نی ای شست خو
کوئی خون پیتا ہی انسان کا
کہا آپکا مین گنہگار ہون
لپیٹی تھی آنکھون مین وہ خستہ جان
گریزان ہوا خوف سی جو جوان

جدشٹر کو فرزند اپنا کیا
جمی مجلس رنج بر روی گنگ
جلی دلکو اپنی جلانی لگی
نہوا اسقدر رنج و غم سی وہ داس
زمین خون سی اوٹھی ہوئی سرخ پوش
گلستان کا تیری گل تر ہی وہ
زمین آنسوون سی ہوئی آبشار
دوسا سن کا تونی پیا ہی لہو
فقط منہ پہ پہنچی تھا بیشک لہو
سزا دیجئے جو سزاوار ہون
جو کپڑا ذرا ہٹ گیا ناگہان
نظر سی ہوا اونکی ہر اک تپان

بھاگنا راجہ جدشٹر وغیرہ پانچون بھائیون کا گاندہاری کے روبرو سے



کہا خستہ جان نی ستم دیدہ درد
کہا تا کجا کرون سوزش غم رقم
بشت طول ہی ہی بزم ماتم کا حال

نہ بچا کوئی یہانسی ہراسان ہو
کسیکو کہونگی نہین کوئی بات

چمن ششم دربیان ملاقات دروپدی وکنتی وگاندہاری

قلم نی کیا مختصر غم کا حال
کری کوئی حرفون پہ اوسکی نظر

ملی تمکو دست قضاسی نجات
بنی شمع ماتم زبان قلم
قلم کی زبان پیرہن لخت جگر

گلستان عشرت مین آئی خزان
قیامت بہرحال برپا وہان
فلک تک گیا نالۂ آہ و غم
تڑپتی تڑپتی تھا ہونٹھونپہ دم

کوئی سر جھکائی ہوئی دردناک
لپیٹی ہوئی کوئی بالونمین خاک
کوئی اپنی آنکھونمین آنسو بھرے
کوئی اپنی زانونپہ سر کو دھرے

کوئی غم سے فرزند کی نوحہ گر
کوئی رنج شوہر سے خستہ جگر
ہتھیلی پہ رکھی ہوئی نقد جان
کوئی توسن مرگ سے ہمعنان

کوئی سوگ مین اوسکی غمناک تھا
کسیکا گریبان دل چاک تھا
کسینی بہائی تھی دریائی اشک
سمندر کو تھا زو برو جسکی رشک

کوئی رو رہا تھا وہان زار زار
خجالت سے پانی تھا ابر بہار
کوئی رنج فرزند سے بیقرار
کوئی غم سے بھائی کی سینہ فگار

قیامت تہی وہ بزم ماتم تھی
وہان کون سے چشم پرنم نہ تھی
سنو دروپدی کا بھی احوال اب
کیا کاندہاری نی اوسکو طلب

خزان اوسکا بھی ہو گیا تھا چمن
بھری دلمین تھے اوسکی رنج و محن
ہوئی نخل گلزار راحت قلم
یہ دونون نہین پابند رنج و الم

دل اونکی بھری داغ فرزند سے
رہا پھل نہ اک باغ فرزند سے
بہت دروپدی کا تھا حال زار
کہا کاندہاری نی ای بیقرار

مصیبت مین لازم ہے کچھ دلکو صبر
کرو اختیار اب طبیعت پہ جبر
خدا سے ہے تمکو مقام امید
نہ رو رو کی آنکھین کرو اب سفید

قلم مختصر کر اب احوال غم
مناسب ہے ہو حال گنتی رقم
کہ مدت سے ہی مبتلای فراق
ہوئی تھی اوسی زندگی اپنی شاق

رہی دور لڑکون سے چودہ برس
فقط تن مین باقی تھا تار نفس
جو دیکھا جدشٹر کو بیخود ہوئی
گمان تھا محبت مین وہ بھی ہوئی

جو کچھ دیر مین وہ ہوئی ہوشیار
ہوئی دل سے لڑکون پہ اپنی نثار
کبھی اونکی زخمونپہ ملتی تھی ہاتھ
کبھی شکر کرتی تھی زاری کی ساتھ

بلائین وہ لیتی تھی چٹ چٹ کبھی
مگر غم سے بھی دل کو مہلت نہ تھی
وہ پوتون کی ماتم مین تہی مبتلا
کہون کیا عجب غم مین تھی مبتلا

وہ شور و بکا الامان الامان
کف دست پر غم سے تھا نقد جان
کہا کاندہاری سے کنتی نی آہ
موئی میری لڑکونکی نور نگاہ

جو باقی ہین رحم اونپہ فرمائیے
ہوا جو کہ ہونا تھا غم کھائیے
کہا اوسنی کنتی سے ای خستہ جان
مناسب ہے شکر خدائی جہان

کہ سب تیری فرزند ہین برقرار
گئی باغ ہستی سے سو گلعذار
یہان باغ کا باغ سب لٹ گیا
ہر اک گل کا اب ساتھ بھی چھٹ گیا

خزان ہی گلستان مین شک ہے بہار
عوض پھول کی باغمین ہین خار
سوا صبر کرنیکی کیا ہی علاج
مبارک جدشٹر کو ہو تخت و تاج

یہ لڑکی جو ہین میری فرزند ہین
بہرحال ہم انسی خرسند ہین
یہی اب ہین اس دودمانکی چراغ
یہی اب ہین اس خاندانکی چراغ

انہین سے ہے عیش و نشاط و سرور
انہین کی سبب رنج و غم ہوگئی دور

چمن ہفتم در بیان رسیدن کاندہاری بر سر لاش جودہن

قلم لکھی اب کاندہاری کا حال
بدل لاش فرزند کا تھا خیال
روانہ ہوئی وہ سوی رزمگاہ
جدشٹر بھی ہمرہ بحال تباہ

بیاس و سریکشن کنتی بھی سب
گرفتار زندان رنج و تعب
ہر اک شخص کی لب پہ آہ و فغان
پریشان خستہ جگر نیم جان

پڑا تھا جہان لاشۂ نامدار
گئی اوس جگہ پر یہ عالی تبار
جو مادر نی دیکھی وہ لاش پسر
گری خاک پر ہو گئی بیخبر

جو کچھ دیر مین ہوش آیا اوسے
محبت کا اک جوش آیا اوسے
تصور وہ باتونکا کرنی لگی
پریشان ہوئی آہ بھرنی لگی

پریشان کیسی بال سر کی تمام / لب نیلگون پر یہی تھی کلام
ابھی کل کی ہی بات یہ نامدار / دل و جان سی تھا مان ہی اپنی نثار

جو آنکھونکا تھا میری یہ عین نور / بدن اوسکا زخمونسی ہی چور چور
مری دلکی زخمونکا تھا جو علاج / وہ دو گز کفن کا ہی محتاج آج

برستی ہی کیا بیکسی لاش پر / کیا تیر و خنجر نے ٹکڑے جگر
یہی چاند سا منہ تھا آرام جان / جو آلودہ خاک و خون ہے یہان

یہی بادشاہت کا بھرتا تھا دم / ہوا رونق افزای ملک عدم
ستارون مین تھا شکل بدر منیر / فلک نی کیا آج ایسا حقیر

کہ بیٹھی ہین گرد اوسکی ہر سو شغال / بدن کثرت غم سی تھا پایمال
وہین گوشت کھانیکو ہین اونکی گو / خراب اسطرح ہو نہ حال گدا

یہ وہ شخص ہے راجہ نامدار / کہ تھا ہفت اقلیم پر اختیار
یہی منہ تھا جو غیرت آفتاب / ہوا آج آلودہ خون ناب

زبان پر کبھی اسطرح کی سخن / کہ یہ سرو قد رشک حسن چمن
دعای ظفر کا ہوا خواستگار / کہا مینی یہ مان ہی تجھپر نثار

جو خلقت پر اچھا ہی سایہ ترا / خدا فتح و نصرت کریگا عطا
غرض مین بھی اوسوقت تھی گفتگو / برہنہ جو آئی میری روبرو

پڑی گی مری جس جگہ پر نظر / نہ ہتھیار ہوگا وہان کارگر
جب آیا مری روبرو گلعذار / لپیٹی تھا جسم نہانی پہ ہار

جو پھولونسی تھی ران اوسکی نہان / اوسی پر لگی ضرب گرز گران
جو سایہ یدھشٹر کا تھا خوب تر / رعیت پہ حاصل ہوئی یہ ظفر

سخن جس گھڑی تھا ہوئی اختتام / کیی کشن جی سی پھر اوسنی کلام
اگر چاہتی آپ ہوتی نہ جنگ / لہو کا اوچھلتا نہ مقتل مین رنگ

نہین اس سخن مین ہی جائی کلام / ہوئی آپ ہی باعث قتل عام
خدا سی ہی اب اس دعا کا سوال / کہ جو کچھ مری سر پہ گذرا ہی حال

یہی پیش آئی تمہین حال زار / خزان آگئی باغ کی ہو بہار
وہ سب حاضر بزم ترسان ہوئے / دعا سنکی دلمین پریشان ہوے

سری کشن نی جب سنی یہ دعا / کہا کاندھاری سی بس ہو چکا
اگر اور کچھ اب کہوگی مجھے / دعائی زبون دونگا مین بھی تجھے

کھلا مجھپہ ہی صاف راز نہان / لڑین گی بہم میری آرام جان
ہر اک نوجوان قتل ہوگا وہان / مٹائین گی اپنا نشان جاودان

سخن کاندھاری نی جب یہ سنا / کہا اب نہ دونگی تمہین بددعا
مگر آپ بھی کچھ نفرمائیے / کرم کیجیے اسطرف آئیے

چمن ہشتم در بیان تعداد کشتگان معرکہ جنگ

کری کلک کشتونکا اسدم شمار / گئی خلد کو کسقدر جان نثار

جو سلطان نی دو چشم کی ایکبار / یدھشٹر سی پوچھا کہ ای نامدار
مین اس بات کا ہون طلبگار اب / ہوی کسقدر قتل جاندار اب

دعا اوسکو مس رکھشیر کی تہی / چچا کو خبر صاف کشتونکی دی
گئے جانسی رکیب و راہوار / قلم نی یہ کشتونکا لکھا شمار

کہ تہی اک ارب اور چھیاسٹھ کرور / ہوئی لاکھ اونپر ہم آغوش گور
مثمن ہزار اوسپہ افزون ہوے / دم کارزار اسقدر خون ہوے

قلم جنگکے کشتونکی اب لی خبر / کہ تجہیز و تکفین پر ہی نظر

چمن نہم در بیان اظہار شدن حقیقت برادری کرن با یدھشٹر

بدر اور بسنجی نی انجام کار / جلایا ہر اک لاشہ نامدار
ادا کی ہر اک رسم اہل ہنود / ہوا موج زن ایک دریای جود

مراتب تھا دیے جونکا مد نظر / علی قدر رتبہ دیا مال و زر
قلم لکھی کیا آہ پر سوز حال / ہوئی اس سی فارغ جو نکو خصال

نہانی کو آئی لب گنگ پر
دیا جاہیے اوسکو پانی ضرور
وہ بسمل کی صورت تڑپنی لگا
مناسب نہ تھا تم پہ افشای راز
جدشٹر یہ سُنکر مکدر ہوا
طلب پھر کیا اوسکی فرزند کو
کرن کا سنا جبکہ زوجہ نی حال
محبت مین شوہر کی وہ مرگئی
زبان سی ہی ارجن کی یہ نکلا کلام
لرزتی تھی دہشت سے یہ دست و پا
نہ تھا مجکو معلوم یہ حال آہ
کرن کی غلامی مین تھا افتخار
مقدر مین جو تھا وہ آیا ظہور
بہر طرح مدِ نظر اوسکا پاس
جدشٹر کی دلمین رہیگا یہ غم

دیا نام پر اونکی اسباب و زر
جدشٹر کا سینہ ہوا سنکی چور
تھیا حشر مین حشر برپا ہوا
کرن سی کیا مینی ہر چند پیار
اوسی وقت مانگی خدا سی دعا
گلی سی لگایا جگر بند کو
پڑا رنج سی شیشۂ دلمین بال
مسافر تھی ہی ہی سفر کر گئی
مقابل جب آتا تھا وہ نیکنام
قیامت کا تھا ہر طرح سامنا
وگرنہ رہتا اوسی بادشاہ
نہ منظور تھی سلطنت زینہار
نہ تھا اس مین اصلا کسی کا قصور
پھٹکنے نہ پاتا تھا غم اوسکی پاس
نہ نکلی گا جب تک کہ ہی دم مین دم

جدشٹر سی کنتی نی اوسدم کہا
کھلا اوسپہ افسوس حال کرن
سر پکشن کی اب سنو داستان
وہ افشا پر اسکے نہ راضی ہوا
نہ پھر کوئی اسطرح سی منہ کی کھالے
عنایت کی آغوش مین دی جلے
ہوا دلمین شوہر کا ایسا قلق
پریشان تھا ارجن نامدار
عجب طرح ہوتا تھا اوس دل کا حال
مرا ہاتہ اوس رخ او ٹھتا نہ تھا
فدا اوسپہ کرتا مین نقد جان
یہ بیکار ہی سرزنش ای قلم
محبت کی لڑکو ہی اوسکی نظر
مناسب ہے ای کلک خاموش ہو
وہ داغ کرن دل پہ تھا لاجواب

کہ بھائی بڑا تھا کرن بھی مرا
بڑھا درد و غم پر یہ رنج و محن
جدشٹر سی بولی کہ ای خستہ جان
سوا اسکے یون ہی تھا حکم قضا
کبھی راز ان سی چھپایا نہ جائے
دل و جان مین فرزندی کی جگہ
کہ اک آہ کھینچی ہوئی جان بحق
کرن کی جبین سی تھا سنہ فگار
نہان جسمین جوش محبت کمال
برادر ہی پر راز افشا نہ تھا
جلاتا مین آتش مین تیر و کمان
مبدل نہو گا خوشی سی یہ غم
فدا جان و دل صورت سیم و زر
کہ یاد کرن اب فراموش ہو
خجالت سی تھا زرد رو آفتاب

استری پرب تمام ہوا

خیابان دوازدہم از چمنستان سواد ہندوستان یعنی سانت پرب
و درین پرب نوزدہ ہزار و ہشتصد و سی و چہار اشلوک است

قلم کو ہی رنج و الم سے گریز ۔ فرو ہو گئی آتش رستخیز

چمن اول در بیان رفتن دہرتراشٹ بر لب گنگ

خدا کو جو منظور تھا وہ ہوا ۔ نہیں چھوٹتی ہی کسیکو قضا
کوئی خنجر غم سی سینہ فگار ۔ کوئی شاہد عیش سی ہمکنار
کوئی بوجہ سی سوگ کی سرنگون ۔ چڑہا ہی کوئی بادۂ لالہ گون
خوشی اور غم ہین دونون بہم ۔ جدھشٹر کا احوال لکھی قلم
جو آئی شہ کور دیدہ کی پاس ۔ پڑا تھا یہ فرش زمین پر اوداس
گیا ہی پی غسل وہ سوی گنگ ۔ ہجوم الم سی طبیعت ہی تنگ
جدھشٹر لب گنگ پر تھی جہان ۔ اودہر کو یہ باہم ہوئی سب روان

زمانی کا ہی یہ نشیب و فراز ۔ کوئی پشت خم ہی کوئی سرفراز
کوئی درد ماتم مین تھی مبتلا ۔ خوشی سی کسی کا ہی گلشن کہلا
کسیکا گلستان ہوا ہی خزان ۔ کوئی فصل گل سی ہی دلشاد مان
بدر اور سنجی کی سینہ مین داغ ۔ ہوا اونکو کریا کرم سی فراغ
کہا اوس سی ای بادشاہ جہان ۔ جدھشٹر جو ہی دل کا آرام جان
مناسب ہی چلنا وہان پہو ۔ غم آلودہ بیٹھی ہو اوٹھو چلو
ہوئی غسل سی گنگ کی بہرہ ور ۔ کیا اوس جگہ ماہ کاتک بسر

جدھشٹر کا گنگا پہ جب تہا مقام ۔ بہت آئی تھی عابد نیک نام

چمن دوم در بیان مناقشۂ پانڈوان کہ فتح بنام کیست

نوید ظفر اونکو مد نظر ۔ زبان پر یہ تہا ہو مبارک ظفر
نہ تھا اسقدر مجکو حاصل کمال ۔ کہ بھیکم سی لیتا مین نام جدال
عنایت سی اونکی ہوا فتحیاب ۔ مری سر پہ احسان ہی بی حساب
لڑائی مین ہمنی لڑائی ہی جان ۔ شکستہ بدن کی ہوئی استخوان

زبان جدھشٹر پہ تہا یہ سخن ۔ ہین کیا مال تہار و بیروی کرن
ظفر کشن کی وجہ حاصل ہوئی ۔ اونہین سی یہ آسان مشکل ہوئی
سنا بھیم و ارجن نی جب یہ کلام ۔ کہا ہم کرین تیغ ہو اونکا نام
یہ سنکر جدھشٹر نی اونسی کہا ۔ نہوا ہی مری جان اتنا خفا

لڑا مجھسی جسدم شل نامدار ۔ کیا قتل اوسکو دم کارزار
مگر منہ پہ لایا نہین اپنا نام ۔ بسبب فتح کی ہین وہ عالی مقام
سری کشن نے جب سنی یہ کلام ۔ جدشٹر سی فرمایا ای نیکنام
عنایت کی لازم ہی اپنر نظر ۔ یہ حق جانفشانی کا ضائع نکر
انہین رنج پہونچانا انسب نہین ۔ یہان ان کلامونسی مطلب نہین
مناسب ہے آپسمین رفع فساد ۔ چلی اوس جگہ سی وہ سب شاد شاد
سر ببھریک شجاعت شعار ۔ جہان نہا گئی سب یہ عالی وقار
سری کشن سے سر ہوئی در فشان ۔ شجاعت نظر آئی سبکی یہان
سر بی بدن نی دیا یہ جواب ۔ شجاعت کہون کسکی ہین اے جناب
یہ دیکھا ہی مینی کہ وقت مصاف ۔ سر بکشن کا چکر کرتا تہا صاف
لیے ہاتہ مین کاسۂ خون فشان ۔ لہو دروپدی نی کیا نوش جان
جوانونمین بہگدنت تہا اہل زور ۔ ہر اک سمت تہا اوسکی قوت کا شور
الگ ہو گیا تیغ سی وہ نیل ۔ دو پارہ ہوا تیر ارجن سی فیل
کیا اسقدر اوسنی زانو سی زور ۔ دبارہ گیا بیچ مین مثل مور
وہ قطرہ لہو کا زمین پر گرا ۔ یہ ہنگامہ آدہی پہر تک رہا
کہا جب یہ احوال جنگ و ظفر ۔ دہر اکشن کی پاؤن پر سب نے سر
سر بی بدن کہ چکا جب یہ حال ۔ جو تہی دہن مین تہی لی وہ نکال

چمن سوم در بیان حال ببھریک

جلائی وہین آگ مین تیر و سپر ۔ سنو اوس جوان کی مفصل خبر
ہوا جبکہ میدان مین آغاز جنگ ۔ مہابھارت کا ہر طرف ساز جنگ
جو تہا ببھریک اوس دلاور کا نام ۔ تماشی کو آیا بشوق تمام
نہ تھا سن مین جو وہ برس سے فزون ۔ شباب اوسکا آغاز تہا لالہ گون
جمایا نہ تہا سبزۂ خط نی رنگ ۔ نہ تھی آئینی مین عیان شکل زنگ
کمان دوش پر ہاتہ مین تین تیر ۔ شجاعت مین تہا وہ جوان بی نظیر
عیان تہا سر بکشن پر اعجیب ۔ کسی کا نہ اوسنی چہپا حسن و عیب
کہا اوس جوان سی بلا کر حضور ۔ کہ تو کسکی چشم سیہ کا ہے نور
کہا اوسنی ہین یہی ہونا وک فلک ۔ لڑائی کی معلوم ہین خوب فن
گری جسکی خرمن مین برق شکست ۔ لڑائی مین جس سمت ہو فوج پست
خدا نی دیا یہ ہنر مجکو ہے ۔ کمک اوسکی مد نظر مجکو ہے
جو ہی دونون طرفونمین اکجا سپاہ ۔ سمجھتا ہون مین سب کو اک برگ کاہ
جو افواج آمادۂ جنگ ہے ۔ نظر کی ترازو مین پاسنگ ہے
جو ہین رن کی میدانمین فیل مست ۔ سمجہتا ہون بہنگو نسی ہی اونکو پست
جو ہو اس سی وہ چند فوج گران ۔ کرون ایک دم مین اوسی رایگان
دکھاؤن مین اوہ فنا آن مین ۔ فرشتے نے یہ ہو کہا ہی کہ آئین
سری کشن پھر بولی ای نوجوان ۔ صفت تیری مجہپر ہو پہلی عیان
تری سر پہ کیا کھیلتی ہی قضا ۔ یہان تین تیرونمین او کہر رکھی گیا
وہ بولا کہ کیا خوب ای مہربان ۔ سخن کو نہ سمجھو مری رایگان
کمانسی جو چھوڑونگا مین اک خدنگ ۔ ہر اک کی اجل کا عیان ہوگا رنگ
کریگا وہ پھر دوسرا تیر کام ۔ کہ ہو جائیگا قتل لشکر تمام
یہ میری شجاعت کا آثار ہے ۔ رہا تیسرا تیر بیکار ہے
کہا کشن نی پھر کہ ای تیز زن ۔ یہ کسطرح باور ہو تیرا سخن
اب اس بات کی تجہسی ہے مجکو چاہ ۔ کہ ہو دور دل کا مری اشتباہ
تری بات کی راستی ہو عیان ۔ لڑائی کا ہو جائیگا امتحان
سنو وہ جوان تہا شجاعت شعار ۔ بلا تھا وہ شنجرف کا خواستگار
غرض بل کی پیکان چہوڑا خدنگ ۔ کہلا قتل گہ پر ہر اک کی وہ رنگ
بنا پاؤنمین کشن کی جب نشان ۔ شجاعت ہوئی اونکی اونپر عیان

کہا اے جوان شجاعت شعار
سب احوال تہا گشن پر آشکار
کہا اوس جوان نی کہ دیتا ہون ہم
کہا پھر سریکشن نے ای جوان
جو تھی سر یکشن نی توڑ لی
جو سر لاکی رکھا اوسی نخل پر
قلم اب ہوا جنگ سی مطمئن
خدا جانی کیا سحر و افسون ہوا
دل زار مین ہی نہایت الم
نہ تہا مجہپہ حال کرن آشکار
اگر قتل کرتا وہ پانچون کو آہ
یہ بولی وہ نارد کہ اے بادشاہ
وگرنہ کرن وہ جوانمرد تہا
چلی کیا مقدر سی انسان کی
کرن نی لگایا تہا اکدن خدنگ
دعائی لبون دی بہع ادلمین تنگ
سبب قتل کا اب یہ ہی دوسرا
کہلا جسکی گہڑی حال قوم کرن
لڑائی مین آئی نہ یہ علم کام
چہارم کرن کو دم رزم شل
ششم اوسکو اندر نی لقمہ دیا
کہ لڑکون کو تیری مین گشتہ کرون
جدہشٹر کو اس غم سی اک رنج تہا

عروس سخاوت بہی ہی ہمکنار
مشرح تہا سب دل پہ انجام کار
مگر سیر میدان ہی مد نظر
نہوگی تری آرزو رائگان
دہن مین وہین نوجوان کی دری

کہان سخاوت بہی کہتا ہون مین
کہا گر شجاعت کا بہرنا ہی دم
تماشا لڑائی کا منظور ہے
وہان ان کی میدان مین تہا اک شجیع
کیا تن سی پہر سر کو اوسکی جدا

چمن چہارم دربیان باعث کشتہ شدن کرن

پہری فصل حق سی عدو شتر کی
یہ بہیکم درونہ کا جو خون ہوا
رگ و پی مین ہی نیش خار غم
کہ تہا قوت بازو دل فگار
نہ دیتا کبہی دلمین کینی کو راہ
مقدر یہ لازم ہی کرنا نگاہ
وہ ان دونون فوجونمین اک فرد تہا
ہوئین آٹھ چیزین عدو جانکی
نہ میلا ہوا جسم آہو کا رنگ
ارابی کا پہیا زمین وقت جنگ
ہنر سیکہنے کو برہمن بنا
یہ تہا چہتری پر بنا برہمن
یہ تیر افگنی رائگان ہو تمام
ڈراتا تہا ارجن سی یہ تہا خلل
زرہ کو شوارہ کرن سی لیا
مگر تیغ ارجن کی سر پر دھرون
شنا حال دلمین تاسف کیا

کہا اوسنی نارد سی یون اکر دو
ہوئی قتل اس جنگ مین بیشمار
سو اسکے رنج کرن ہی فزون
رہا مجہسی پنہان یہ راز نہان
نہ مین کھینچتا اوسپہ تلوار کو
پر اک دیوتا کو یہ منظور تہا
جو تم سب مین ہو جمیع علم و کمال
سنو قتل کا اوسکی اول سبب
خطا کہائی جو تیر نی ایکبار
جو بکری کہ چہوڑی اوسنی شر تنگ
پرسرام سی جا کی سیکہی ہنر
دل اس بات سی اونکا ناخوش ہوا
سوم گشن ارجن یہ تہی مہربان
سبب پانچوان قتل کا یہ ہوا
سبب ساتوان عہد کنتی سی تہا
سبب آٹہوان یہ ہی ای نیکنام
طبیعت بہت غم سی رنجور تہی

محبت مروت بہی کہتا ہون مین
تو ہین تری سر کی طلبگار ہم
وگر نہ یہ سر دینا کیا دور ہے
کہ جان بخش تہی اوسکی برگ و ثمر
برآیا سری گشن کا مدعا
تماشای میدان تہا پیش نظر
نہان دل مین ہی آتش غم کا سوز
جوان دلاور شہ نامدار
پریشان دل ہی بحال زبون
کہ تہا بہر اس تاج وہ نوجوان
نہ مین مارتا ایسی سردار کو
نہو کوئی اس راز سی آشنا
یہ سب جانتا تہا وہ اک خوشخصال
قلم اوسکا انشا گری چال اب
ہوی مفت مین گاو عابد شکار
نہ ہرگز چلے زور پیر فلک
نہ تہی ذات سیلی سکی اونکو خبر
زبان مبارک سی دی بد دعا
دل و جان سی ہر دم نگہبان جان
کرن سی تہی بہیکم پتامہ خفا
کسیطرح مجہسی نہوگی خطا
دغا سی کیا اوسکا ارجن نی کام
اوسی بادشاہی منظور تہی

بیاس و سرکشن وہ بہی ہوئے
رضامند تاج و نگین پر گئے
قلم بہی ہی اب بادشاہِ زمن
سمجھتا تہا پانچوں کو اپنی سپر
نکل نے جو دی نیک ساعت قرار
مہیا تہا سامان جشن جلوس
گہر لعل و یاقوت سب سر بسر
مرصع ہر اک زیور بے بہا
بٹھایا جدشٹر کو اس تخت پر

جو قصبی پڑی تہی وہ سب طی ہوئے
کیا دور سینی سی اونکا غبار

چمن سخن پسیم دربیان تخت نشینی راجہ جدشٹر

کہ زیر نگین ہی یہ ملک سخن
عزیز او سکو تہی شکل نور نظر
ہوئی جمع مجلس مین خویش و تبار
جدشٹر بنا جان جشن جلوس
گریبان کی دامن تلک جلوہ گر
زر مہر و سیم قمر تہا فدا
لٹائی گہر لعل یاقوت و زر

سنو اب شہ کور دیدہ کا حال
یہی بات ہر دم تہی پیش نظر
سرکیشن جی وہ ہوم بار دیا تس
وہ پہنی ہوئی بادشاہی لباس
سراپا مین تہا نور خورشید کا
وہ تخت مرصع جو میراث تہا
مراتب خوشی کی ہوئی سب ادا

نکالی غم و رنج کی دل سی خار
کہ ہونا ہی عادل سی راضی خدا
کہیں جو رہو داستان ملال
بٹھاؤں جدشٹر کو اب تخت پر
نکل بھیم سہدیو ارجن بہی باہر
لگی تہی جواہر کہر بہتیا نس
بنا پیرہن برج ناہید کا
بنایا تہا آبا و اجداد کا
نوید مبارک کی ہر سو صدا

تخت پر بیٹھنا راجہ جدشٹر کا



ہوئی لوگ خلعت سبھی ہی
جدشٹر نی پایا جو وہ تخت و تاج
کہا یہ دل و جان ہی تم پر فدا

مہیا ہر اک سمت عشرت کا سامان
زبان پر تہا سبکی مبارک ہو آج
ملا آپ کی وجہ یہ مرتبا

جو لکہوں صفت بزم کی ہی بجا
جو راجہ جدشٹر بنا تاجدار
جو بید اگری ہر سو زبان

روان قلزم عدل و بحر کرم
گرا پاؤن پر کرشن کی ایکبار
سر ہو نہ احسان کا ہو بیان

گدا کو کیا بادشہ آپ نے
بعزت بٹھایا اونہین تخت پر
یہ بندہ فقط آپ کا ہی غلام
نہ رکھون اطاعت سے باہر قدم
قلم کی زبان پر ہے بھیکم کا حال
پڑی تھی وہ تیرون پہ بیتاب ان
جدشٹر سے یون کشن جی نے کہا
وہ ذرون مین ہین صورت آفتاب
ہم احوال سے اونکے ہین بیخبر
نصیحت سے اونکے کچھ ہو بہرہ ور
خطا کی جدشٹر نے اونکے معاف
پڑی تھی وہ تیرونکے بستر پہ آہ
تصور مین خالق کی آنکھین تھی بند
جدشٹر بھی ساتھ اونکے تھی جلوہ گر
جو تھی شمع رو سے بدل لو لگی
نہ حاصل ہوا اسگھڑی مدعا
پھر آئی وہان سے سر یکشن جی
گذشتہ ہوئی آپ کی عمر سب
وہ باتین نصیحت کی ارشاد ہون
وہ بھیکم پتامہ جو تھی علم دان
مجھے بات کرنا بھی ہے ناگوار
جو بیدار ہو آدمی خواب سے
سوا اسکی ہی واجب بادشاہ

زر و ملک سب کچھ دیا آپ نے
چچا بھی ہوا تخت پر جلوہ گر
اطاعت سے ہی مجکو ہر وقت کام
بھرون دم غلامی کا مین ہر دم

وہ روی زمین پر گیا نامور
جدشٹر کو مد نظر پاس تھا
جو ہو حکم عالی وہ لاؤن بجا
اطاعت کرون گو روانسے سوا

چمن ششم دربیان نصیحت بھیکم پتامہ

جو ون رات رہتی تھی تو آنکھین
برآیا دلی سب طرح مدعا
تحقق سو حد وہ ہین لاجواب
تجھے بھے نہین اونپہ مد نظر
دل و سینہ اونکا ہے عرفان کا گھر
ہوا کشن کی وجہ سے سینہ صاف
نہ تھی دل کو اسباب دنیا کی چاہ
فقط ذکر معبود دل کو پسند
مگر وہ ہوی کچھ نہ انسے خبر
کسیطرح اونپر توجہ نکی
یہ ہین غرق دریای یاد خدا
غرض آجکی کل کی اوپر رہی
کہ باقی ہین پنجاہ و شش روز آب
کہ کونین صدقے سے آباد ہون
ہوئی اسطرح کشن سے تر زبان
قریب خزان عمر کی ہے بہار
دم صبح نام خدا اوٹھکے
رہی عدل و بخشش پہ ہر دم نگاہ

فقط زخم تیرونکی بیدرد تھی
جو بھیکم کا دل مخزن علم ہے
وہ عالم مین عالم ہین ثانا نہین
کہون کیا یہ افسوس کا ہی مقام
ہوی دونون صید انکی جانب روان
جو بھیکم پتامہ کی آئی قریب
بدن کثرت زخم سے خونچکان
جو کچھ دیر کی بعد کی چشم وا
جو یاد خدا مین تھی وہ دردمند
سری کشن نے اونکا دیکھا یہ حال
ستانا اب اسوقت اچھا نہین
جو یہ دوسری دن گئی پھر وہان
زبان مبارک سے کچھ ہو بیان
ملے آپکو بھی کچھ اوسکا ثواب
کہ اسوقت دم بھر کی فرصت نہین
مگر پاس دونونکا منظور ہے
کہ ہو خیر و آرام سے دن تمام
رعیت کو سمجھے نہ لڑکون سے کم

کہ گردون بنا صاف حیرت کا گھر
چچا سے یہ کی عرض اے بادشاہ
مری جان تک آپ پر ہے فدا
کہ مین آپکا راج سے آپ کا
ہر اک فن مین حاصل تھا اوسکو کمال
لکھو یہ گیا دست و پا زرد تھے
وہ اک بلبل گلشن علم ہے
یہ تحقیق جھوٹی کہانی نہین
سنو چلکے کچھ اونسے شیرین کلام
ملی کر سپ ہے آہ مین نا گہان
عدو کوئی دیکھا نہ کوئی حبیب
فدا جسپہ ہو جان سے گلستان
یہ دیکھا کہ ہین کشن رونق فزا
بدستور آنکھین ہوئین اونکی بند
جدشٹر سے فرمایا اے خوشخصال
کہ آجای بھیکم کو غصہ کہین
ہوئی کشن بھیکم سے یون تر زبان
جدشٹر کی مشتاق ہین لیکن کان
سنی دور ہو سر بشر کا عذاب
مین یاد خدا مین ہو جن مہلت نہین
نصیحت کا اسطرح مذکور ہے
کرے اپنے دنیا کے پھر وہ کام
بھری تا رعیت گریگا وہ دم

رہی خاطر فوج مدِ نظر ❊ کہ حاصل ہو دشمن پہ فتح و ظفر
عزیز اقربا اور خویش و تبار ❊ تھون ہاتہ سی شہ کی سینہ فگار
کری لشکر و فوج آراستہ ❊ نہ پائی عدو ملک مین راستہ
کیا دہرم کا بھی مفصل بیان ❊ کوئی بھی نہ عقدہ تہا اونسی نہان
جدشٹر جو کرتی تہی اونسی سوال ❊ جواب اوسکا دیتی تہی وہ خوش خصال
نصیحت کا لازم نہ تہا اختصار ❊ گلستان کی سب سیر مین ہے بہار
مناسب نہین نظم مین اختصار ❊ وہ باتین ہین پر شک درِ شاہوار
کہ لکھا ہی سب نثر مین ہو بہو ❊ ہوئی مختصر طول تہی گفتگو

کری سند ہر طرح سی انتظام ❊ لطف مین رہی ہر گہڑی با نظام
نہ دی بی ہنر کو قریب آنی جا ❊ رہی مشورہ عالمون سی سدا
نظر ملک گیری پہ ہر دم رہی ہے ❊ کہ عیش عدو جس سی برہم رہی ہے
ملی جس سی رہنی کو خلد برین ❊ وہ باتین بھی سب طرح کین دلنشین
کوئی باب حکمت سی خالی نہین ❊ وہ ہین گنج مضمون جمع عالی نہین
قلم نی کیا اوسکا یہ انتخاب ❊ کہ ہر بات بہیکم کی ہی لا جواب
جسی شوق صادق ہو وہ نیک نام ❊ شب و روز فیضی کا دیکہی کلام
قلم کا فقط رزم مین نام ہے ❊ نصیحت کی باتونسی کیا کام ہے

سانت پرب تمام ہوا

خیابان سیزدہم از چمنستان سواد ہندوستان یعنی ساتک پرب کہ درین پرب ہشت ہزار اشلوک است

چمن اول دربیان گفتن بھیکم پتامہ حکایت بازیگیر و زن برہمن

مہابھارت جب ہو چکی انتخاب
جو آرایش فوج مین تھی کلام
سخاوت کی مطلب جو تحریر تھے
یہ قصے کہی بادشاہونکی تدر
روانی مین عاجز تھا نچہ قلم
کہی مختصر سب وہ احوال طول
یہان کام رہبر کا ہرگز نہین
کیا سانت بہ گم جب سب بیان
عذاب و گنہ اس سے تبہ کام نہین
مگر آپ سی اب یہی التماس
غم و رنج دل کی ترقی پہ ہین
مری وجہ یہ زخم ہین خونچکان
نہایت ہی دل فرط غم سے حزین

گلو سی نکالا قلم نی گلاب
جو قاعونکی مرقوم تھی انتظام
شجاعت کی مضمون جو تھے سطر
وہی قدرداں ہین کرینگی وہ قید
مضامین مطلب کہی ہین تمام
کہ انسانکو ہو دین و دنیا حصول
ہوئی صاف سب طرح بہتر یہین
جد شتر کی عرض ای مہربان
یہ باتین ہوئین سب طرح دلنشین
کرم لطف فرمایئی بیقیاس
وہ ابذا کہ صدمی تنی جی یہین
چبھی ہین پیکان و تیر و سنان
مجھے خواہش زندگانی نہین

دکھائی خدائی جبھی راہ خیر
رعیت نوازی کی جو تھی سخن
بیان تھی جو عدل و کرم کی طرح
رہا جوگ سو جو کیون کو دیا
اگر اب ہو اوسکا کوئی خواستگار
سترک ہی ہر اک جادۂ راستان
قدم زن جو انسان ہو اس راہ مین
طمع جھوٹ عیبونکی سر داہ مین
ثوابونکا سرتاج ہی راستی
کرین آپ ساتک پرب کی بیان
جو تیرونسی جسم مبارک ہی چور
ہوا قتل جرجودھن نامدار
سنی جبکہ بھیکم نی غمگی کلام

کیا سانت کو پھر دوبارہ جو ہے
جو لکھی تھی شاہجہان کی چلن
رعیت کو حاصل ہو جس سے فرح
یہ نہ تھا اور کوچہ کنارہ کیا
نہین بند اپنا قلم زینہار
ملی جس سی گلگشت باغ جنان
ملی اوسکو یوسف اسی چاہ مین
بہی دونون دوزخ کی آتار مین
ملی جسکو جنت اسی سی ملی
یہ تفصیل ارشاد ہو داستان
سراپا گنہگار کا ہی قصور
درونہ کرن اور عالی وقار
یہ فرمایا ای راجۂ نیکنام

مناسب ہے اسکا نظم لکھا
بیان مین کرون تجھسے ایکا حال
کہ ناگہ ہوا افعی اوس سے دوچار
زن برہمن کو جو دیکھا ملول
کہا یہ کہ موذی کا سر توڑ لے
کچلنا اس افعی کا بیکار ہے
نہ آئی یہ تقریر اوسکو پسند
کہا اوس سے اے قاتل بیگناہ
قضا جسکی آتی ہے خونخواہ ہو
زن برہمن نے سنی یہ کلام
ہوئی جبکہ یہ داستان اختتام
یہ ارشاد ہو دل ہے ہمپر فدا
کہا آپ نے ہان یہ سن داستان
سو درس ایک راجہ تھا عالی مقام
شہنشاہ جرجودہن نامدار
ہوئی جمع اطراف کی شہریار
وہ آتش نہ ہرگز ہوئی شعلہ زن
کہا آگ آئی تھی میں تیرے پاس
اوسی وجہ تجھسے میں ہو خشمناک
نہ سمجھا تھا میں آپ تھی برہمن
وہ آتش ہوئی جگ کی مشتعل
جو فرزند آتش سے پیدا ہوا
ہوئی اوسکی شادی بڑی دھوم

مشیت نے اوسکی جو چاہا کیا
زن برہمن کی ہوا نونہال
موا وہ تو مادر ہوئی بیقرار
ہوا رنج و اندوہ دلکو جھول
پھپھولی جلی دلکی ایسے پھوڑے
کہ زندہ ہو فرزند دشوار ہے
کہ پہونچائیگا اور کو یہ گزند
ترحم کی لازم ہے مجھپر نگاہ
وگرنہ بہرحال بیکار ہون
کہا چھوڑ دے اوسکو اے نیکنام
کیا پھر جدشٹر نے اونسے کلام
قضا کو بسبی مسخر کیا

چمن دوم بیان عقد دختر راجہ جرجودہن با آتش

فدا خدمت برہمن پر مدام
بنا گلشن ماوہ کی بہار
مرتب جدا بزم زناردار
پڑی بحر حیرت میں سب انجمن
برہمن کا پہنے بدن مین لباس
ہوا دل اسی آگ مین جلکی خاک
فدا آپ پر ہے وہ رشک چمن
ہوا شعلہ مشعل خور خجل
سو درس اسم اوسکا ہویدا ہوا
ملی نیکبخت اوسکو مقصود ہے

اگر سبکو نہین اسجگہ اختیار
وہ گل کچہ دنو نہین ہوا نوجوان
وہاں نام ارجن سے تھا مارگیر
گرفتار افعی کو اوس نے کیا
وہ مغموم بولی کہ اے مارگیر
مناسب ہے تم چھوڑ دو جائے
بہرحال قتل اوسکا منظور تھا
مجھے کاٹنے میں نہ تھا اختیار
سزا اسکو ملتی ہے اعمال کی
وہ اعمال فرزند کی تھی سزا
اجل آپ کی سر پہ اسوار ہے
کروں اوسکو معلوم تھی آرزو

تولد کا احوال یوں ہے بیان
اوسی جگ کرنا جو منظور تھا
یہ چاہا کہ آتش کو روشن کرے
جو راجہ نے آتش سے کی التجا
ہوا تجھسے دختر کی میں خواستگار
شہنشاہ سنکر ہوا سخت بیسار
در آئی وہ گل عقد آتش مین جب
شہنشاہ دوران ہے ارشاد کام
پلا خوب آغوش راحت مین وہ
شب و روز شوہر سے تھی کام دہیان

مشیت کی وابستہ ہے کاروبار
بنا فضل خالق سے ہر فروان
نہ رکھتا تھا اس فن میں اپنا نظیر
جو لایا زن برہمن کو دیا
لگا یا میری دل پر جسا کاتیر
سزا اپنی کردار کی پائیے یہ
کہ ناگاہ وہ سانپ گویا ہوا
بجا لایا میں حکم پروردگار
اجل اور میں بھی ہوں اسکی بری
مشیت کی تابع ہے یہ اور قضا
ملیں آپ پھر مجکو دشوار ہے
اب اس بات کو آپ دین برو
کہ اس بات کا ہے مفصل بیان
سنین سب معین اوسکی اب داستان
سب اسباب و سامان مہیا کیا
پرستش کرے اوسکو گلشن کرے
نہین ہے وہ سب اسکا کیا
نیائی نہایت ہوا بیقرار
کیا نقد جان اس سخن پر نثار
فرو کچہ ہوئی شعلہ ہائے غضب
بخوبی دیا جگ کو اختتام
شب و روز مشغول عشرت میں
فدا حکم شوہر پہ ہر وقت جان

وہ شوہر برہمن پہ قربان تھا
یہ تنہا دین اوسکا ایمان تھا

یہ تھا حکم شوہر کا ای گلعذار
برہمن ہو جسن چیز کا خواستگار

نہ انکار کرتا اگر سر بھی جاے
مری بات مین فرق ہرگز نہ آے

وہ شوہر نہ تھا ایکدن اپنی گھر
ہوا اک برہمن کا ناگہ گذر

تواضع سی بیٹھ ائی وہ گلعذار
یہ صحبت کا اوس سی ہوا خواستگار

یہ زن حکم شوہر کی پابند تھی
کسی شی مین ہرگز نہ وہ بند تھی

جو خلوت کا آراستہ تھا مکان
بلایا بعزت بٹھایا وہان

کہ ناگاہ شوہر ہوا جلوہ گر
یہ دونون چھپر کھٹ پہ آئی نظر

برہمن سی تھا ہی اسی اعتقاد
نکل آیا گھر سی اوٹھی فساد

نہ آئی کہین اوسکی خلوتمین فرق
کہ غصی سی ہو برہمن رشک برق

برہمن نی دیکھا جو حال عجیب
بہت خوش ہوا آیا اوسکی قریب

کہا اسطرح دہرم ہی میرا نام
فقط آزمانی ہی تھا مجکو کام

زن و مرد تم دونون ہو خوشخصال
برہمن پرستی کا حاصل کمال

دعا ہی یہیں مرگ وہ گلعذار
گلستان جنت کی دیکھی بہار

بدن زن کا آدھا ہی جو می آب
خجالت وہ چشمۂ آفتاب

پیئیں آب سیراب ہو تشنہ کام
جہانمین رہی حشر تک اوسکا نام

ہوا اوسکی وہ رشک ماہ تمام
کری خلد مین تیری خدمت مدام

جو اوس زن کو دی برہمنی یہ دعا
تو پھر اس سی اسطرح گویا ہو

قضا پر ہمیشہ رہی اختیار
نہ ہو موت سی تو کبھی ہمکنار

مگر دلمین جسوقت ہو آرزو
بنی باغ جنت کی تو آبرو

رقم ہی رہا موت پر اختیار
ہوئی جب قضا کی وہ خود خواستگار

دیا حق تعالی نی باغ ارم
ملی صبح عشرت گئی شام غم

کیا پھر جدشٹر نی اوسی سوال
مری دلمین اس بات کا ہی خیال

زبان مبارک سی ارشاد ہو
تفکر سی دل اپنا آزاد ہو

چمن سوم دربیان حال بسوامتر کہ برہمن شد

جو وہ بسوامتر ایک تھا کھتری
برہمن سی تھا دعوی ہمسری

تمہارا ہی برعکس اوسکی سخن
ہوا کسطرح کھتری برہمن

سنی جبکہ بیگم نی شیرین کلام
کہا ایک راجہ تھا عالی مقام

گلستان قنوج کا رنگ و بو
شجاعت سخاوت کا غل چار سو

مگر دلمین فرزند سی داغ تھا
خزان تھی یہی بی ثمر باغ تھا

دعای کھیشر سی انجام کار
ہوئی گھر مین اوس شاہ کی گلعذار

خدا داد حاصل اوسی تھا جمال
گھٹا شرم سی ماہ کا بھی کمال

بنا اوسکا برجیک جو خواستگار
طبیعت ہوئی شاہ کی بیقرار

گدا کو مین دون دختر رشک ماہ
کیا صاف انکار پھیری نگاہ

مگر دل ہوا اسطرح رہنمون
نہ عابد مجھی دی دعائی زبون

یہ سوچا جو دلمین بلایا اوسے
سخن شرط کا یون سنایا اوسے

مجھی چاہیے نقرئی راہوار
دکھائین بدن چاندنی کی بہار

مگر کان ہوا ایک سب کا سیاہ
یہی ہی پری وش کی ملنی کی راہ

وہ برجیک بھی مرد مرتاض تھا
برن سی جو گھوڑونکا طالب ہوا

برن نی کہا مجکو ہی تیرا پاس
بر آئیگی گنگا سی دل کی آس

لب گنگ قنوج مین ہی مقام
کہی باج سرت اوسکا مشہور نام

وہان جائیگا یہ مطلب حصول
برن کا کیا اوسنی کہنا قبول

وہان سی جو برجیک آیا یہان
کیا اپنا گنگا سی مطلب بیان

ملی حسب دلخواہ گھوڑی ہزار
گئی غنچہ دل سی وہ غم کی خمار

دیے لاکی راجہ کو وہ خوش خرام
ہوئین شرط کی حجتین سب تمام

کہا اوسنی ہی یہ پسر خرد سال
مگر ہی ابھی سی یہ حاصل کمال

ہوا خوش اوسی دم وہ شاہ بہار
یہ بلبل صفت گل پہ اپنے نثار

وہ خدمت سے اسکی ہوا شادکام
کہی ایکدن لطف کی یہ کلام

جو کچھ دل کو منظور ہو آرزو
ابھی مجھسے لے مانگ اپنی جو تو

مگر ماں سے پوچھ آؤں اس بات کو
کہیگی وہ جس شے کی منت کو

جو دختر نے ماں سے کہا یہ سخن
ہوئی گلفشاں یوں وہ غنچہ دہن

یہی مانگ شوہر سے اے رشک ماہ
کہ بھائی کی خواہش ہے لڑکی کی چاہ

مگر دو طبق بھی عنایت کیجے
کہ وہ پختہ چاول سے بھر بھر تجھے

یہ حصہ ہے تیرا جدا رشک حور
کہ ہوگا برہمن کا اس سے ظہور

سنو سانتہ مادر کی جانا وہاں
طبق میں جو چاول ہیں کھانا وہاں

جو دونوں طبق لیکے وہ گلعذار
روانہ ہوئی شکل باد بہار

ہر اک شرط اونسے ادا کی خلاف
کیا حصۂ دخت پیر باتہ صاف

برہمن کا اب اوس سے ہوگا ظہور
بنے گا وہ راجہ پڑیگا فتور

پسر سے تری ہوگا جب یہ ستم
یہ دیتا ہوں اے رشک گل میں قسم

ہوئیں الغرض دونوں وہ باردار
ہوا طے جو پورے دنوں کا شمار

جہاں میں ریاضت کی اک دھوم ہے
زمانے کو احوال معلوم ہے

ہوا رشک گل سے جو پیدا پسر
فدا حسن پر اوسکی شکل قمر

برہمن تھے پانچوں وہ نور نظر
پرسرام سب میں ہوا نامور

زمانے میں شہرہ ہے اوس قتل کا
کیا کشت و خون بست و یکبار تھا

اطاعت سے باہر نہ تھی اکدم
اسی راہ کی آشنا تھی قدم

کہ اے رشک مہ تجھسے میں شاد ہے
خوشی دلسے اسوقت ارشاد ہے

کہا اوسنے اے شوہر نیکنام
کسی آرزو سے نہیں مجکو کام

طلبگار ہونگی وہ دینا مجھے
جو مد نظر ہے عنایت تجھے

مجھے دلسے ہے خواہش نونہال
تجھے بھی ہے گل کی تمنا کمال

ہوئی زن جو شوہر سے یہ خواستگار
کہا اوسنے پھل دیگا پروردگار

کہا یہ طبق ماں کو دینا جدا
کہ ہو چھتری اوس سے رونق فزا

مگر اور بھی شرط یہ کی بیان
کہ پیپل سے گولر جہاں ہے عیاں

بغلگیر گولر سے ہو تیری ماں
مگر تجھسے پیپل رہے شادماں

ملی ماں سے شرطیں سنائیں تمام
وہ چالاک تھی سنکے اسکی کلام

کہا شوہر زن کو برعکس حال
کہا تیری مادر کی تجھسے چال

نہوگا برہمن کے گھر کتخدا
پہنسا جائیگا خلق میں جابجا

برہمن وہ ہوگا نہ کھا دیں غم
یہ قصہ ہوا اسطرح سے رقم

جنا ماں نے اپس گل کی عاقبت تمام
ہوا چار سو بسوامتر اوسکا نام

ہوئے سو پسر اوس سے سب عیاں
برہمن تھے سب اور تھے علم دان

وہ تھا کھتری جمدگن اوسکا نام
ہوئے اوس سے بھی پانچ عالی مقام

عدو کھتری کا ہوا جان سے
کیا قتل بھاگی وہ میدان سے

نرکھا زمیں پر نشاں نام کو
سبھی جانتے ہیں پرسرام کو

ہوئی جبکہ یہ داستان اختتام
کہی پھر جدشٹر نے اونسے کلام

چمن چہارم دربیان رضاجوئی خداوند تعالی

کتابوں سے اس بات کی ہے خبر
کرے کام دنیا میں جو کچھ بشر

یہ سنکر وہ بھیلم ہوئے دُر فشاں
مجھے یاد طوطی کی ہے داستاں

سم آلودہ رکھتی تھی پیکان تیر
نکیوں چلن طائر ہو قربان تیر

گیا سوے صحرا جو بہر شکار
ہوا غول سے آہوؤں کے دوچار

رضاے خدا پر رہے دل فدا
رہے دھیان ہر دم خدا کی رضا

بنارس میں اک گانوں آباد تھا
شکاری ہر اک آدمی زاد تھا

شکار افگن اک اوسمیں چالاک تھا
وہ اوستاد اوس فن میں بیباک تھا

کمان سے جو ناوک روانہ کیا
یہ سمجھا ہرن کو نشانہ کیا

ہرن تک نہ پہونچا وہ تیر بلا
شجر کی قضا کار آئی قضا

لگا تیر اوس پر ہوا خشک سب
سم آلودہ پیکان نی دبایا غضب

ہوا ایک طوطی کا اوس جا گذر
شجر خشک و بی برگ آیا نظر

بنایا اوسی نخل پر آشیان
نہ پانی نہ چشمہ نہ دانا وہان

کیا جبکہ فاقون نی لاغر اوسے
ملے آکے اک روز اندر اوسے

وہ طوطی بھی اوسدم ہوئے نغمہ زن
عبث یہ اوٹھائی ہین رنج و محن

جہان باغ مین ہون شگفتہ شجر
پھلے ہون ہزارون ہی اسمین ثمر

وہان ہو اگر آشیان خوب ہے
دیا یا نہین رہنا تو معیوب ہے

یہ فاقہ کشی مفت بیکار ہے
چلو اوٹھو وہ باغ تیار ہے

یہ سنکر وہ طوطی بہی گویا ہوا
رضای الہی کا جویا ہوا

کہا لوح قسمت مین جو ہی رقم
نہین اوس سے ہوتا ہی کچھ بیش و کم

خدا کو یہی بات منظور ہے
بہر حال دل میرا مسرور ہے

یہ توفیق اپنی مین پاتا نہین
اسی وجہ گلشن مین جاتا نہین

ہوا اسکے ای اندر نامدار
یہ ہی دوسری اوسپہ وجہ قرار

تولد ہی میرا اسی نخل پر
نہ کسطرح الفت ہو مد نظر

نہین مجکو ترک اسکا منظور ہے
وفا اور مروت سی یہ دور ہے

سنی جبکہ اندر نی شیرین سخن
ہوا اوس سی پھر اس وسخن نغز کن

جو مطلب تھا طوطی خوش کلام
اشارہ ہوتا دون اوسی انتظام

کہا پھر ہرا ہو یہ سوکھا شجر
ہرا نو عطا پھر ہون برگ و ثمر

یہ سنتی ہی اندر نی مانگی دعا
اوسیدم ہرا یا ہوا وہ ہرا

پھلا پھولا وہ نخل خشک بہار
جگر سی ہوئی دور خشکی کی خار

رضای خدا بھی جو مد نظر
ہوا بارور پھر وہ سوکھا شجر

چمن پنجم در بیان کوشش نمودن در تلاش معاش

جدشٹر نی پوچھا کہ ای نامدار
مین اس بات کا اب ہون امیدوار

زبان مبارک سی ارشاد ہو
یہ دل اس تردد سی آزاد ہو

توکل قناعت کری آدمی
کہ یا ہر جگہ جستجو رزق کی

وہ بولی کہ ہر جا سی ہی حق کلام
سنو گوش دل سی تم ای نیکنام

مناسب ہے تدبیر اور جستجو
کہ حاصل ہو تا شاہد آبرو

زمین پر اگر بیج افشان کری
تو گھر مین وہ خرمن کے خرمن بھرے

چمن ششم در بیان کہ کدام جا زوال جاہ و مال نمیشود

کہا پھر جدشٹر نی یہ جاہ و مال
کہان اوسکو حاصل نہین ہی زوال

دیا آپ نی یہ جواب سوال
کہا دیوتون سی دیونانی حال

ہمیشہ وہان ہی ہمارا مقام
جہان سیرت نیک کا ہی قیام

جہان خوبصورت ہین شیرین سخن
نہین ایشا جھوٹ سی ہی دہن

جہان راستی کا ہی ہر دم شعار
جہان ورد ہی شکر پروردگار

نہو جسمین جماعت مین فسق و فجور
جہان عیب گوئی سی ہی مرد دور

جہان مردم نیک ہون پاک دلیر
جہان ہو قناعت سی دل شاد و سیر

جہان عورتین ہی حسن شعور ست
نہو جس جگہ حوصلہ دل کا پست

جہان ایسی باتون کا ہی انتظام
ہمیشہ ہی دولت کا اوسجا قیام

جہان ہی وش اس روش کی خلاف
کرین ہاتھ اوستاد و آقا پہ صاف

وہان سی ہمیشہ ہی مجکو گریز
چھری بینوائی کی ہر دم ہی تیز

چمن ہفتم در بیان زن و مرد کہ کدام جا بہ انسان بہتر است

کہا پھر جدشٹر نی ای نیکنام
ہوئی گوہر گوش شیرین کلام

پھر اسدم ہی گویا زبان سوال
زن و مرد کا اب ہو ارشاد حال

کہ دونو مین اچھا ہی کسکا لباس
مفصل بیان ہو یہ ہی التماس

زبانسی ہی بہیکم کی یہ داستان
کہ اندر کو صحرا مین تنہا ملا
سراپا شہنشاہ زن بن گیا
نہایت پریشان و دلگیر تہا
شہنشہ نی اپنا سنایا وہ حال
مرا رہنا اس گہر مین دشوار ہے
رہی اونپہ الفت کی ہر دم نگاہ
عبادت مین مشغول تہی صبح و شام
خدا نی عنایت کیی سو پسر
دیا اوسنی اونکو بھی کچھ ملک و مال
نہ آیا جو اندر کو یہ بھی پسند
کہا کیون دیا اونکو یہ ملک و مال
اگر پاس ناموس منظور ہے
مہیا ہوا جبکہ سامان قتل
شفق گون نہی وہ زمین نبرد
جو صحرا مین اوس زن نی پائی خبر
کیا اوسنی سب قصہ اونسی بیان
نہی جنگ مین مجکو جو آبرو
جو دیکھا یہان آکی یہ حال زار
اگر جامۂ مرد درکار ہے
بہر حال خوش ہے لباس زنان
فروگ خواہش کی ہوتی نہین
تجہی کسکی منظور ہی زندگی

شہنشاہ تہا ایک عالی مکان
پڑا کوئی افسون وہ ہین گم ہوا
وہ دولہ تو تہا ہی دولہن بنگیا
خجالت سی وہ پا بزنجیر تہا
ہوا اسکو اندوہ رنج و ملال
بیابان سی اب سر و کار ہے
نگر نا دریغ اونسی تم مال و جاہ
ملا نا گہان عابد نیک نام
سخاوت شجاعت مین سب نامور
ہوئی دلسی آپسمین الفت کمال
سر دست جانون یہ پہونچا گئی
ہوئی ہند لاشونکی کثرت سے راہ

دعا کی خدا سے مرا نام ہو
نجیر اس لڑائی کا انجام ہو

مقابل کی جانب اوٹھائی نظر
نہ کچھ فوج و لشکر کا پایا نشان

فقط اک دلاور ہو جسکا نام
عیان رخ سے رنگ شجاعت تمام

لڑائی کا ہنگامہ برپا ہوا
قیامت کا سامان مہیا ہوا

برسنی لگی دونو طرفو نسی تیر
کیا کام اک دیونی ناگہان
تعاقب کیا دیو کا ایکبار
زمین پر نہ ٹھہرا جو پای قرار
یہ قوت یہ قدرت ہو مجکو عطا
یہ دونون زمین سی ہوا پر گئی
کسینی دہری سر پہ شمشیر تیز
بیان کیا شجاعت دلاوری کی ہو
جو میدان مین تھی فوج کشتہ ہوئی
سنا رام نی جب یہ حال ایسا
پھر آراستہ ایک لشکر کیا
کہ اون دو جوانو نسی لو انتقام
بنائی ہین خالق نی کیسی شجاع
جو پہونچی لب گنگ پر یہ سپاہ
دیا اونکو ہنونت نی یہ جواب
کہا بھرتہ نی ای دلاور جوان
کہا راست ہی آپ کا یہ کلام
وہ سیتا جو ہین رنج مین مبتلا
کہا بھرتہ نی جو ہوا سو ہوا
مگر اب مناسب ہے جسطرح ہو
یہ دیکھا کہ فوجین ہین کشتہ پڑین
کروڑون ہی ہاتھی پڑی ہین جو
بہانتک چلی پاون بھی شل ہوے

نظر آئی اک شان رب قدیر
عقب آگئی لی دوش لو سی کمان
کہا اسطرح اسکو ای نابکار
اوڑا آسمانکی طرف نابکار
عقب اوسکی پہونچون مثال ہما
وہ آگی یہ پیچھی برابر گئے
بنائی سر جنگ راہ گریز
کیا قتل اوس دیو ناپاک کو
گری لاش پر لاش پشتہ ہوئے
کہ لچھمن ہی میدان مین بیجگہ

ہوئی فوج لچھمن کی سب پست پا
ہوا ایکطرح جب ہوا وہ رن
بھلا بچکی جاتا ہی زندہ کہان
دلاور نی دیکھا جو یہ اونکا حال
اوسیدم ہوئی یہ دعا مستجاب
جو فوج مقابل نی دیکھا یہ حال
لڑائی کی نیچی کوئی جا چھپا
ہوا قتل وہ دیو پائی کمان
جگر سینہ پہلو تھی زخمو نسی چور
وہ فوجین سر رزم آئیں جو کام

غنچہ سوم دربیان اجازت دادن رام بھرتہ برای جنگ

کیا بھائیونکا سر جنگ کام
نہ دیکھی سنی ہمنی ایسی شجاع
ہنومان پر بھرتہ نی کی نگاہ
نہ فرمائی اسقدر اضطراب
وہ قوت تمہاری گئی اب کہان
کہ اوسوقت تھی مجکو قوت تمام
ہوئی رام پہ جب اونسی خفا
بلا شبہہ بھائی نی کی یہ خطا
خبر بھائیونکی مجھی لاکی دو
نہ ہوگا کسینی یہ اتنک کرین
وہ گھوڑونپہ گھوڑی کہ پشتی ہوئے
جو تھی زور بازو مین مہمل ہوئے

کہا اونکی دلاور ہین وہ نوجوان
غرض بھرتہ لیکی وہ فوج گران
کہا ڈھونڈھنا چاہیی یہ نشان
یہ دریا سمندر سی ہی ہمکنار
کیا طی سمندر کو اک آن مین
تصور تھا سیتا کا قوت یہ تھی
کیا گھر سی باہر اونہین بیقصور
کرون کیا مین بھائیکا اپنی گلا
کیا مینی اس طول کو مختصر
پڑی ہی ہر طرف لاش ہی لاش پر
ہنومان نی کی بہت جستجو
کہ ناگاہ آئی وہ دونون نظر

ٹھہرنیکا میدان مین یارا نہ تھا
پریشان خاطر ہوا نوجوان
نہ ڈھونڈھی ملینگے تری استخوان
خدا سی کیا اوسکھڑی یہ سوال
روانہ ہوا آسمان پر شتاب
اوٹھائی کسی شخص نے سر پہ ڈال
نہ سر پر گری آسمانی بلا
زبانون پہ تھی فوج کی الامان
نہ باقی رہا جنگ کا وہ غرور
ہوا قتل افسوس لشکر تمام
وہان بھرتہ کو حکم تازہ دیا
عیان مجھپہ ہوا اونکا نام و نشان
ہوا بادصرصر کی صورت روان
کہ ہین ستر گہن اور لچھمن کہان
بھلا کسطرح جاؤنمین اسکی پار
نہ لائی اوسی تھم ذرا درمیان مین
خیال اونکا دلمین تھا حیرت یہ تھی
پڑا زور و قوت مین ہی قصور
بلا مین وہ ناحق ہوئے ہین مبتلا
گئی جبکہ ہنونت گنگا کی پار
کہ مشکل ہی مرغ نظر کا گذر
پھری اوس تجسس مین وہ چار سو
بدن چور زخمونسی ہین بیجگہ

قریب اونکی آکر جگایا اونہین
کہا دلمین صد شکر زندہ ہین یہ
جو بھائی کو زندہ وہ بھائی ملے
کہ قربان اس عقل و ہمت کے
جو کس نی کمانکو وہان رہ کیا
کہا بھرتہ سی یہ ہنومان نے
کہ ناگہ ہوا وہ جوان آشکار
کہا لونی بھائی سی ای مہربان
دیا اوس دلاور نی لو کو جواب
قضا کھینچ لائی ہی میدان مین
وہ میدان ہمشکل ظلمات تھا
کسیکو نہ آئی تھی صورت نظر
کدی اپنی گھوڑو نسی جب شہسوار
بڑی دیر تک ایک ہلچل رہی
ہوا کی میدانمین جو پایی جنگ
جو کچھ دیر کی بعد آیا تلے
لگائی ارابی پیر اوسنی خدنگ
نئی کام تیرونسی اوسنی کیے
ارابی کی چولین غرض ہل گئین
لیا ہاتہ مین ایک کوہ گران
یہ چاہا سر نوجوان پر وہ کوہ
ہوا پارہ پارہ وہ کوہ گران
وہ لشکر ہوا جب کہ زیر و زبر

ذرا بھی نہ ہشیار پایا اونہین
عبث مینی سمجھا تھا مردہ ہین یہ
تو ہنومنت سی ہو تھے پھر کون تلے
یہ سمجھی ہو تم وہ گئی ہین چلے
یہان پیر گردون نی بھی رہ گیا
صدا کچھ سنی اونکی کان نے
لیے ہاتہ مین خنجر آبدار
یہ فوجین ہین اوس فوج سی بیکنار
سمجھتا ہون اس بحر کو مین حباب
فنا ہونگی فوجین یہ سب ابہین
زحل کا بھی رنگ سبہ مات تھا
فقط کام کرتی تھی آواز پر
پیادہ و پر اسوار بھی راہوار
وہ کثرت ہوئی فوج دل ہل گئی
پڑی سینہ لو پہ اونکی خدنگ
عدو نی کف دست حسرت ملے
ہوئی دیکھکر بھرتہ کی عقل دنگ
زمین پہ ارابی کو چکہر دیے
رہین گھوڑیان خاکمین ہل گئین
سنو اوسکی وسعت کا مجھسے بیان
لگائی ملی خاک مین سب شکوہ
رہا کچھ بھی باقی نہ نام و نشان
نہ تھی ایک کی ایک کو کچھ خبر

جو پانی کو چھڑکا بجای گلاب
ارابی پہ اپنی لٹایا اونہین
وہ دونون دلیرونکا بھی ہی پتا
ہلادینگی وہ قلعہ آسمان
وہ آواز پیدا ہوئی ہولناک
یہ وہ نوجوان ہی کہ تھی جسکی بان
مقامون پر اپنی کمان و خدنگ
نہ تھی اوسمین ایسی دلاور شجاع
جو وہ چند ہواس سی گیا مار کر
ہوئین جنگ مین ناوک اندازیان
سیہ آندھیونکا وہان زور و شور
چھٹی ہر طرف سی جو فیلان مست
لیا گھیر لشکر کو آفات نے
ارابہ مرصع وہ زرین نگار
ہوا پر اوڑالی گئی تیر آہ
زمین سی پھر اوٹھا جو وہ نوجوان
رہی اوسپہ نازل مصیبت گھڑی
جو ٹھہرا ارابہ تو سر پھر گیا
ہنومان کو بھی نہ آئی جو تاب
برابر ہر اک سمت مین چار کوس
کہ ناگاہ اوسنی وہ مارا خدنگ
کیا فوج و لشکر کو اوسنی تباہ
جو تھی جامونت اوسجگہ نامدار

ہوا دور کچھ سر سی غفلت کا خواب
یہان بھرتہ کی پاس لایا اونہین
ہنومان نی اوسگھڑی یہ کہا
یہ تھا نہ تذکرہ اوسجگہ ناگہان
جگر تنگ زمین کا ہوا چاک چاک
شجاعت سی اوسکی بڑہی اتحاد
وہ شمشیر تیغ قضا جسکی تھی رنگ
کہین سورسی بڑہ کی ہی پر شجاع
مددگار رامانا کا اقبال ہی
بلا کی طلسمات جنسی عیان
نہ پہونچی کبھی جسکو ظلمات گور
ہوئی خود بخود فوج جرار سیت
کیا کام فوجونکا ظلمات نے
دم جنگ تنہا بھرتہ او سپہ سوار
رہا حال اوس نوجوانکا تباہ
کہا بھرتہ جاتا ہی تو اب کہان
پھرا آسیا کیطرح سہ گھڑی
بھلیان بھی بھرتہ کا گر گیا
وہ آگی بنا نوجوان کا جواب
وہ محکم کہ الوند ہو پانی بوس
نظر آ گیا اک قیامت کا ڈھنگ
فنا کی دکھائی ہزارونکو راہ
ہوئی وہ بھی زخمی دم کارزار

کسی نے کہی رام سی یہ خبر
یہ احوال سنتی ہی حیران ہوئے
وہ ہمراہ لایا سپاہ گران
سوا اسکے ریچھونکا بھی اژدہام
وہ فوجونکا اس دفعہ تہا اژدہام
تنفر طبیعت کو ہی طول سے
جو میدان مین پہونچی وہ فوج دلیر
کہا یون لیر ونسی ای مہروماہ
نشان وہ کہ دونون ہو کسکے پسر
غضب کے سکہائی ہین جنگی ہنر
کہا ادن جو انون نی کیا اس سے کام
لڑائی کا دلمین جو آہنگ ہو
وہ بولی کہ سیتا کی ہین ہم پسر
سکھایا انہین نے ہی یہ علم تیر
وہی پرورش کے ہوئی ہین سبب
یہ سمجھی کہ میری ہین دونون نہال
اوتاری سر دوش سے جب کمان
طلسمات تیرونکی ہون ایان
کوئی صورت اژدہا بنگیا
کسی سی ہوئی شیر لاکھون نمود
کسی سی وہ جو کین ہوئین آشکار
جو دیکھا سری رام نی حال زار
زمین پر گری کھاکی وہ پیچ و تاب

غنچہ چہارم در بیان خود آمادہ شدن راد...

لڑائی کی پھر تازہ سامان ہوئی
کہ مریخ نی بھی کہی الامان
کسی سمت دیونکا تہا اہتمام
فلک نی بھی دیکھا نہ یہ احتشام
نکیون اشہب کلک کی باگ لے
یہ دونون نظر آئی مانند شیر
تمہین تی یہ کین لڑکی جو ہیں تباہ
بھلا مجھپہ دشمن ہو نا...
مجھی اپنی ادستاد سی...
لڑائی مین بیکار ہین یہ کلام
کرو فوج آراستہ جنگ ہو
نہین باپ سی ہمکو صلا خبر
جہانمین بنایا ہمین بی نظیر
تبرک دی ہمکو زنار اب
بھلا کیون شہ حاصل ہوا ونکو کمال
کیی آہنی تیر او پر روان
کسی سی ہوئی جوش طوفان عیان
کوئی تیر گھر آند ہیونکا ہوا
کسی سی ہنود ار طوفان دود
لہو کی بہی رزم مین آبشار
ہوئین قتل فوجین وہ کام زار
یہ دونون قلا اور ہوئی فتحیاب

بلا یا بھبھیکر...
وہ تہی موج...
ہوئی جمع...
کرون طوا...
او...

کیی ر...
سنو یا المی...
پڑہا یا ہر اک...
سنی رام نی جسکو...
کرین کیا کہ کچھ او رچارہ...
جو انون نی وہ تیر تکری...
کسی سی ہوا دیو باد آشکار
کسی سی عیان آتش شعلہ بار
کسی سی عیان فوج فیلان مست
کیا رزمگہ میں وہ جو کون نی کام
کنارہ کیا جنگ سی ایکبار
جو زیور تہی پہنی سری رام چندر

کسی سی...
کہ جس سی ہوئی فوج...
ہوئی پست وہ فوج میمون...
بنی بیخبر تہی بڑی ہوشیار
کیا تو جوانون نی انکو پسند

پرلونی قبضہ کیا | جو سیتا کی پاس آئی فتحیاب | کیی پیشکش زیور لاجواب

…ور راجہ رام چندر کا لیکر مظفر او منصور اور بیقرار ہونا سیتا جی کا



…سے ٹکڑے جگر
…ون کو کیا غم فی زرد
…ں مین ہوا دلکو بیحد ملال
سری رام جی تھی تمہاری پدر
مٹا ہی دیا راجہ جسرتہ کا نام
یہ بار گنہ سر پر اپنی لیا
سری رام جی جنگ مین گر گئین
دھدمہ تہا دلپر پڑا جال تہا
تصدق کیی آنسوؤنکی گہر

…ری کا
…دن ھنی ناحق کیا
…چاپہ ہماری ہین یہ یاب ہین
غم و رنج سی غیر احوال تہا
لیا اپنی زانو پہ شوہر کا سر

وہ پہچان کر زیور رامچندر
ملی خاک بانوین وی لگین
کہا مان سی فرمائیی مہربان
کیا قتل میدان مین باپ کو
چچاؤنکو اپنی کیا قتل آہ
یہ سنتی ہی دونون ہوئے بیقرار
چلین بیقرار ہی سی سیتا وہان
جو مقتل مین پہونچین سر …
دوپٹہ کبھی منہ پہ چہلتی تہین وہ

آ ال اوسکا سمجھ ہوئین درد مند
تڑپنی لگین جان کہونی لگین
نعم آیا کہا انسی خوشی ہین یہان
گنہگار ناحق کیا آپ کو
گئی جان سی ہفت فوج و سپاہ
کہا ہم نہ سمجھی دم کارزار
ہر اک چشم اشکونسی نہر روان
زمین پر وہ بیہوش آئی نظر
کبھی پاؤن پر آنکھین ملتی تہین وہ

بظاہر تو بیہوش تھی رام چند
کہ وہ پالمیک آگئی ناگہان
جو گھر آئی دیکھا عجب حال زار
خدا نے اونہیں کے تھی قدرت عطا
رکھیشر کی بالکل عنایات تھی
رکھیشر نے سیتا سے پھر یون کہا
نہ ملنے کا جی چاہتا تھا ذرا
کہا پھر رکھیشر نے ای رام چند
کھلا اونکی عصمت کا اب تجھ پہ حال
بلاشک لیا سر پہ بار گناہ
مشیت سے انسان ناچار ہے
بلا اونکو سیتا سے جب را امور
رقم کیا ہوان بخششوں کا حساب
خوشی سے وہ مجلس ہوئی اختتام
سے ہی کشن جی دوارکا کو گئی
ثواب اسکے سننے کا ہی بیشمار

وہ غفلت کیے دونون آنکھونکو بند
سنو اونکی اعجاز کی داستان
خزان باغ حسرت کی ہی سب بہار
لگا کر جو پانی پر افسون پڑھا
یہ چاہا کہ انمین ہو آشتی
نہ مانا تو دونگا ابھی بددعا
مگر بددعا کا بڑا خوف تھا
نہ یہ بات آئی ہماری پسند
لیا سر پہ اپنی گنہ کا وبال
نجات اس سے ہو جب تباہ وہ راہ
یہ دام قضا مین گرفتار ہے
چمن مین اودہ کی پھر آئی بہار
کہ مد نظر ہی مجھے انتخاب
گھرونکو گئی اپنی سب خاص و عام
عزیز اقربا تھی جو گھر سن رہی
کہ خیرات کین اوسنے کئی مین ہزار

ہے نہ بیخبر پر وہ ہوشیار تھے
برن نے دیا جگ کو انتظام
پھری ساری لشکر پہ تیغ قضا
غرض جبسے پھڑکا وہ آب حیات
عبث اونسے پہونچا جو آزار تھا
بھری تھی جو سینے میں دلمین غبار
بہرحال ناچار راضی ہوئے
پڑا عقل مین آپکی کیا فتور
دیا رام نے شرم کہا کر جواب
کہا یون رکھیشر نے ای رام چند
کرو جاکے اب جگ کو اختتام
دیا رام نے جگ کو اختتام
سُنائی جو بیدال نے داستان
گئی تخت گاہونکو سب بادشاہ
سنے صدق دل سے جو یہ داستان
سنی جسنے ہمسن سی کچھ اسکو ہے

کھڑی پاس وہ دونون دلدار تھے
وہان رونق افزا تھی نیکنام
جو گذرا تھا انپے وہ قصہ کہا
ملی عشق کی صدمے سے اسکو نجات
تو اس وجہ سیتا کو انکار تھا
بہت روئی سیتا وہان زار زار
کدورت جو دلمین تھے ماضی ہوا
نکالا جو سیتا کو یون بیقصور
وہ فرماؤتا دور ہو یہ عذاب
نہو دلمین اس رنج سے دردمند
رہیگا نہ باقی عذابونکا نام
ہوئی بید کی رو وہ پوجا تمام
جدشٹر کا بھی دل ہوا شادمان
مکانونکی لی عابدون نے بھی راہ
ملے بعد مرنیکے باغ جنان
زبانسے نہ پھر نام دینی کا لے

اسمید پرب تمام ہوا

خیابان پانزدہم از چمنستان سواد ہندوستان یعنی بیاس آسرم پرب و درین پرب پانصد اشلوک ست

یہ دار محن ہی مقام الم
قلم کی زبان پر ہی تازہ سخن
یہ اپنی ہی مطلب کی ہی آشنا
سوا دل جلانی کی آتا نہین
جدائی مین اسکی ہی راحت کمال
چچا کی اجازت پر کرتی تہی کام
فدا گاندہاری پہ تہین دیبی
جدشٹر کو ہر چند تہا اونکا پاس
شہ کوردیدہ کی پیش نظر
نہ کیون اپنہ صندل ہلون صبح و شام
قضا بہی تو بیوقت آتی نہین
جدشٹر کو اسکی نہ تہی کچہ خبر
جدشٹر سی اوس شہ نی اکدن کہا
کہون کیا گذرتی ہین اب دو برس

چمن اول دربیان بی خاستگی خاطر دہرتراشٹ از تعلق دنیا

یہ دنیا ہی بی شبہہ دار المحن
کسیکا نہ کام اس سے ہرگز بنا
کوئی اس سی آرام پاتا نہین
سنو اوس شہ کوردیدہ کا حال
پہونچتی قدمبوس کو صبح و شام
اطاعت پر اونکی تصدق تہا جب
نہ اس عارضہ کو دوا آئی راس
کہا بہیم نی اپنی خم ٹہوک کر
کیا ہی اگر جنگ مینے نہین کام
یہ کیا کیا کسیکو دکہائی نہین

محبت اس عورت سے اچہی نہین
یہ خود حسن پر اپنی مغرور ہے
خدا اسکی صحبت سے رکہی بچی
جدشٹر کو بیٹہی ہوئی تخت پر
نہ کرتی سر مو اطاعت مین فرق
مگر بہیم اوس شاہ کا تہا عدو
نہ تہا بہیم کو نیک و بد کا خیال
یہ بازو وہی ہین بہری زور کے
جو کانون سی شہ نی سنا یہ کلام
سوا صبر کی کچہ نہ پایا علاج

چمن دوم دربیان عزم دہرتراشٹ بسوی صحرا بہر عبادت

سبب عقل ناقص کی یہ خون ہوا
نہین ہی کسی شی کی باقی ہوس

وہ لڑکونکی الفت کا تہا نہ مین جوش
مقرر ہی بس آٹہوین دن طعام

نہایت یہان اوٹ الجہتا ہی دم
وفا کی ہی اسنی کسی سی کہین
یہ قربت سی ہر شخص کی دور ہے
فدا اسپہ ہین جن و انسان سبہی
ہوئی پندرہ سال سنئی خبر
شب و روز دریائی غم مین غرق
سناتا تہا باتین کڑی روبرو
قلم لکہی اکرونکا تازہ حال
جنہون نی مٹائی نشان کورو کے
یقین تہا کہ غم سی ہو قصہ تمام
مکدر رہا اوس گہڑی سی مزاج
چچا کا ہی اس غم سی ٹکڑی جگر
نصیحت کسیکی نہ کی ہین گوش
زمین پر مین سوتا ہون صبح و شام

فقط گاندہاری کو معلوم ہے
کہ سیر بیابان کرون روز و شب
اکیلا مین کرتا نہین ہون یہ کام
کیا آنسوؤن نی جو چشمون مین گھر
کہا ای شہنشاہ نیکو خصال
خدا جانتا ہی مری دل کا حال
ارادہ جو اب ہی بیابان کا
جدائی کا مجھسی نہ اوٹھی گا غم
اوٹھا پھر بتعظیم وہ بادشاہ
غرض گاندہاری کو پہونچی خبر
کہا دلسی ضعف بدن دیکھکر
جو چہرہ کا رخ شہ پہ صندل گلاب
جدشٹر نی کی عرض ای بادشاہ
کہا شہ نی ای میری لخت جگر
اگر مجھسی الفت ہی بیٹا تجھے
سنایا جدشٹر نی سب شہ کا حال
سوا اسکی اب عمر کا ہی زوال
قضا چہتر لگی ہی دو راہ پر
جدشٹر کو القصہ راضی کیا
جو صحرا کی جانیکی رخصت ملی

طبیعت زمانی سی مغموم ہے
بیابانکی میوی فقط کھاؤن اب
بزرگون نی پیدا کیا اسمین نام
بنی صاف فوارۂ مژگان تر
کیا آپ نی دلمین شاید خیال
عزیزونکی غم نی کیا پایمال
تو مین بھی ہون طالب اس احسان کا
فدا آپ پر ہی یہ جاہ و حشم
رہی عرض تا اپنا حال تباہ
ہوئی رونق افزودہ نوحہ گر
کہ سو نعمتین ایسی بیہوش ہیر
ہوا دور کچھ بیہوشی کا وہ خواب
خطاؤن پہ میری نہ کیجی نگاہ
خطاؤن پہ تیری ہی کسکی نظر
اجازت بیابانکی دی مجھے
بیابانکی جانیکا ہی اب سوال
کرو رد ہرگز نہ اونکا سوال
عنایت کری حق تو ہی خوبتر
نکل آیا سب مطلب بادشاہ

غرض اب یہی ہو لگی ہی آرزو
نہین ہی مجھی اسکی بھی فرق چاہ
جدشٹر نی جسدم سنی یہ سخن
بہر سنی لگا ایک باران اشک
کہ ہین اس حکومت سی دل شادمان
اطاعت ہی مدنظر آپکی
سعادت ہو خدمت کی مجھکو نصیب
جو چھیڑی گئی ہجر کی داستان
جو ہفتی سی کھائی نہ تھی کچھ غذا
کہا شاہ کی کم غذائی کا حال
چچا ایک ہفتی سی کھانا نکھائے
شہنشاہ کو اوس سے آیا جو ہوش
ذرا نوش فرمائیے اب طعام
بر آئیگا جبتک نہ وہ مدعا
کہ ناگاہ تشریف لائی بیاس
اونہون نی دیا اسطرح کا جواب
عبادت کو جاتی ہین مانع نہو
لڑائی مین کشتہ ہو شمشیر سے
کہلایا جدشٹر نی اوسدم طعام

اسی شی کی ہی رات دن جستجو
مگر کھاؤنگا یہ بھی ہین گاہ گاہ
لگا دلپہ اک تیر رنج و محن
کہ ساونکی بادل کو تھا جس سے رشک
غم کشتگان سی ہین آزادہ ہون
تمہاری ہی منظور مجھکو خوشی
بیابانمین ہر دم رہو مین قریب
بدر کرپ سنجی بھی آ گئی وہان
وہ بیہوش ہوکر زمین پر گرا
جدشٹر کو سنکر ہوا اک ملال
بھتیجی مری اسطرح چلے اور لڑے
ہوا دور سر سی وہ غفلت کا جوش
کہ تیغ خجالت سی ہوتا ہی کام
نہ لیجاؤنگا مین زبان تک غذا
کیا حاضر بزم نی اونکا پاس
چچا کو تری رنج ہی بیحساب
یہ ہی بید کی رو سی اسکو سنو
کہ جنگل مین جاکر عبادت کرے
کہا آپکا ہے یہ بندہ غلام
ہوا دل شہنشہ کا حد سی خوشی

چمن سوم در بیان نصیحت دہرتراشٹ راجہ جدشٹر را

کہا میری فرزند لخت جگر
رعیت کو دینا نہ ایذا کبھی
رہی راستی پر ہمیشہ نظر

رہی حق تعالی پہ ہر دم نظر
نہ فرزند سی کم سمجھنا کبھی
رہین مشورین مین بھی اہل ہنر

خدا تیرا حافظ نگہبان ہے
بہت سلطنت کا ہی دشوار کام
رہی زاہدون عابدونکی خبر

مددگار ہر وقت یزدان ہے
نہ غفلت کا ہو عدل کا اہتمام
نہو اونکی خدمت مین ہرگز کمی

رہی جنگ مین ہوشیاری تمام
مکان تھا جو اونکی مکانسی جدا
بھرائی ہماری مراد دلے
زرنقد ہر برہمن کو دیا
کہا تمسے کرتا ہون رخصت طلب
بہرحال ہون تمسی امیدوار
مین آفت رسیدہ ہون پیرسال
سنو رحم کا مین سزاوار ہون
نرکھی گا ظلم وستم وہ روا
رعیت نی جسدم سنا حال زار
کوئی میل دل پر نہین آپسے
کیے ہمپر ہرگز نہ ظلم وستم
کوئی شخص آزردہ اوس سی نہین
جو پہونچی ہی یہ نوبت کارزار
اطاعت مین جو کچھ ہوا ہو قصور
قلم کو سمائی ہی صحرا کی بو
ہوئی دور اوس شہ کی رنج وغبار
جدھشٹر سی آکر کہا یہ پیام
مگر اب بزرگ اور لڑکونکی نام
او نہین کا ہی محلکو یہ ملک ومال
مگر بھیم نی سنکے شہ کا پیام
خلاصہ جو کچھ شہ کو منظور تھا
نجومی کہی شاہ نی پنڈوان

چمن چہارم دربیان طلبیدن دہرتراشٹ عابارا

جدھشٹر کو اوس شہ نی رخصت کیا
محل مین ہوئی آپ رونق فزا

دیا بانٹی جانیکی رخصت ملے
توانگر فقیر وگدا کو کیا
ارادہ ہی صحرا نشینی کا اب
قلم عفو کا کھینچ دو ایکبار
ترا غمسی ہے گاندہاری کا حال
گنہ بخش دو مین گنہگار ہون
رعیت نوازی کا ہی بادشا
لگی رونی مانند ابر بہار
نہین ایک بھی دل حزین آپسے
رہی عہد مین اوسکی دلشاد ہم
خدا دی اوسی اب بہشت برین
اسیطرح تھا حکم پروردگار
ملال اوسکا اب کیجی دل سی دور

قلم لکھے احوال پر رنج اب
جو بخشش سی خالی ہوا بادشاہ
اگر مجھسی سرزد ہوئی ہو خطا
قیامت مین پکڑی نہ دامن کوئی
ہوئی قتل فرزند سب روبرو
جدھشٹر کا حافظ ہی اول خدا
یہ کہتا ہون آپ ایک سی مین سنو
کہا ہم بہرحال خشنود ہین
وہ منصف تھا جبر جو ہین بادشاہ
بہرحال اوس سی رضامند ہین
کسیکے بھی دل کو نہ پہونچا گزند
کسیکو نہین عذر کا یہ مقام
حکومت جدھشٹر کی بھی ہے قبول

چمن پنجم دربیان طلب دہرتراشٹ اسباب بیرادہ

کیا ترک دنیا کا دلسی قرار
کہی حکم شاہنشہ نیک نام
دیا چاہتا ہون مین آب وطعام
سنا سب نہین اونکو ہمسی سوال
کہی صاف غصی سی بیجا کلام
جدھشٹر نی اوسکا دیا دس گنا
دیا جو فقیرونکو کیا ہو بیان

پدر کو شہنشہ نی وقت سحر
جو کاتک کی ہی ستر ہوین کو سفر
جدھشٹر نی جسدم سنا یہ پیام
جو کچھ حکم ہو وہ بجا لاؤ نہین
جدھشٹر ہوا سنکے اوس سی خفا
جواہر زرو نقد واسباب ومال
یہ آئین شائستہ سب کچھ کیا

مگر تا ہی غفلت مین شہ کا
وہ سب گاندہاری سی قصہ کہا
رعیت کو فرمایا اکدن طلب
اوٹھائی رعیت کی جانب نگاہ
کہی ہون جو لڑکون نی ظلم وجفا
وہان مدعی ہو نہ دشمن کوئی
بہی چشم تر سے نہ کیونکر لہو
رعیت تم اوسکی ہو وہ بادشا
اطاعت سی اوسکی نہ انکار ہو
دل وجانسی خدمت کو موجود ہین
ملی ہمکو رنج وتعب سی پناہ
عدالت سی ہم لوگ خرسند ہین
کوئی شخص اوس سی نہین دردمند
خدا ہی مددگار انسان کا
نہین ہے اطاعت سے اوسکی عدو
ریاضت کی منظور ہی جستجو
روانہ کیا شکل پیغامبر
تماشا ہی صحرا کا مد نظر
کہا ہون دل وجانسی تنکا غلام
جو درکار ہو جلد پہونچاؤ نہین
کہ بیہودہ باتین یہ بکتا ہی کیا
ہوا آگی انکا خوشی تھی کمال
بہت کچھ غریبونکو صدقہ دیا

بر آمد ہوا گھر سی وہ شہریار	چمن ششم در بیان روانہ شدن دہرتراشٹ بطرف بیابان	جو چلنی کی ساعت ہوئی تھی قرار

روانہ ہونا راجہ دہرتراشٹ کا طرف بیابان کے عبادت کے واسطے بلباس فقیرانہ



غرض پہلی چوکھٹ کو بوسہ دیا
یہ کہکر لیا گاندہاری کا ہاتھ
زن و مرد سب پا پیادہ روان
روانہ جلو مین ہر اک خاص و عام
قلم لکھی اوسوقت کا حال کیا
بدن پر نہ تھا بادشاہی لباس
غم ہجر سی اپنا دامن بھرو
نچھوڑونگی ہرگز مین اونکی قدم
مگر بر کہہ کیت اور سہدیو کو
رہی دُرپدی کا بھی دلمین خیال
رہی پاس اوسکا بھی دلمین مدام
کہا پھر جدشٹر نی مان پھر چلو
کہا سونیتی ہون خدا کو تجھے
نصیحت بزرگانہ جب کر چکی
بدر بھی تھی ہمراہ اونکی روان

پرستش بہی کی اوسکی اور یہ کہا
وہ کنتی ہوئی گاندہاری کی ساتھ
وہان ساتھ تھی طفل و پیر و جوان
کہ چلنا تھا دشوار وہ ازدحام
کہ وہ ہستناپور تھا غمکدا
زبان پر فقط لفظ شکر و سپاس
کرو صبر دل پر یہ پتھر دہرو
رہونگی مین ساتھ اونکی جبتک ہی دم
کسیطرح کا رنج دینا نہو
نہ پہونچی کسیطرح دلکو ملال
ملی روح کو اوسکی آرام و طعام
مجھے اسطرح جیتے بیکس کرو
یہان سونپ تو بھی خدا کو مجھے
ہوئی الوداع اوسکہر دُرپدی
یہانکی ہوئی ختم یہ داستان

بہت تجھسی آرام دلکو ملا
اوٹھایا بیلا کی جانب قدم
خلائق کا انبوہ ہر چار سو
جو بستی کی باہر یہ پہونچا ہجوم
وہانسے کیا سبکو جدا
جدشٹر نی کُنتی سی وسدم کہا
کہا مان نی یہ بات اب دور ہے
نہ کہنا کبھی اسطرح کے کلام
کرن کی یہ دونون پسر ہین بہم
کرن تھا تمہارا جو بھائی بڑا
وہ سب گلشن پانڈو کی گلعذار
کیا مان نی ہرگز نہ کہنا قبول
نہ بھولی کسی وقت یاد خدا
لیے دہرتراشٹ اپنی سنجی کا ہاتھ
کناری کناری لب گنگ کی

نگہبان حافظ ہی تیرا خدا
برستا تھا باران اندوہ و غم
فغان شور غل کا غلو کو بکو
مچی آہ و زاری کی پھر تازہ ہوم
ملے اور اک اک کو رخصت کیا
کہ تھم گاندہاری سی ہو اب جدا
مجھی ہجر کب اونکا منظور ہے
زبان سی نہ لو گھر کی چلنی کا نام
نہ دیکھین کسیطرح شکل الم
شجاعت سی مید ان میں مارا گیا
سخن سنکی رونی لگی زار زار
ہوا دل کا مطلب نہ اونکی حصول
نہ پہونچے رعیت کو ایذا ذرا
ہوا کنتی و گاندہاری کا ساتھ
یہ پانچون مسافر ہر اک چلے

ہوا ایک جنگل مین انکا گذر
بچھونا تہا خاشاک کا خاک پر
عوض فرش کی بستر خار و خس
نہ تہا یاد خالق سی خالی نفس

دل آباد تہا یہ تباہی نہ تہی
فقیری تہی وہ بادشاہی نہ تہی
وہان تہی جو زہاد صحرا نشین
ملاقات کو آئی انکی قرین

وہان رات دن پاس رہنا نہین
حکایات بیدونکی کہنا نہین
ہوئی سب بیابانمین جو انکی
روان پھر ہوا پیشتر قافلہ

یہی تہی وہ یاد الٰہی کی مے
مسافت کو کرتی تہی ہر روز طے
عبادت مین خالق کی شام و سحر
نہ دنیا کی خواہش نہ پروای زر

جو کرکہیت مین جا کی پہونچی یہ سب
وہانکا سنو ماجرا ہمسی اب
وہان شاہ پنجاب سیت جون نام
عبادت مین مشغول ہر صبح و شام

اسیطرح وہ سلطنت چھوڑکر
بیابان مین رہتا تہا شام و سحر
یہ دونون شہنشہ جو اکجا ہوئے
عبادت کی سامان وہ بالا ہوئے

گئی ایکدن دونون بیٹھین سالیس
ہوئی شاد وہ دیکھکر بیٹھیا بس
بتائی ریاضت کی سب انکو وہ
رہی ایکجا دونون عالم پناہ

فقط پوست آہو کا تہا پیرہن
گھلائی ریاضت مین اپنا بدن
وہ راجہ جو تہا شہر پنجاب کا
طریقہ عبادت کا تہا جانتا

بتاتا اس شاہ کو نیک راہ
عبادت مین مشغول شام و پگاہ
ریاضت کی محنت نی لاغر کیا
فقط پوست و استخوان رکھدیا

رکھی پیشتر بھی آتی تہی اکثر وہان
ملاقات سی اونکی تہی شادمان
جو تہی دہرتراشٹ اسطرح تہی بلا
سناتی تہی نارد ہی داستان

جو چھوڑی ہین راجاون نی اپنی راج
کسی شی کی انکو نہین احتیاج
پڑی مرتی پا یٹنگی رودر جشٹر
یہ اور ونکو بخشا یٹنگی رودر جشٹر

شہنشاہ جب سلطنت چھوڑکر
ہوئی جلوہ گر مسند خاک پر
گئی رونق ہستنا پور سب
ہر اک روز اوس شہر کا رنگ شب

حد شٹر کو ہر وقت تہی اونکی یاد
غم و رنج ہر روز حد سی زیاد
اوٹھاتی تہی طوفان وہ چشم تر
دل افسردہ محزون و خستہ جگر

دلی رنج نہ تہا دل کو آرام چین
غم و رنج و آہ و فغان شیخ و روئین
کرن کا تصور اگر آگیا
جھکا غم سے زانو پہ سر آگیا

جو آیا کبھی شکل ابھمنکا دہیان
لبونپر غم و رنج سی آئی جان
عزیزونکا دلمین بندہا جب خیال
کھلے صاف دروازہ ہای ملال

شب و روز اس غم سی رونا تہے
اس اندوہ مین جان کہونا تہے
کبھی دلمین آتا چچا کا خیال
کبہی چشم مین ہو گیا انکا حال

حد شٹر کو اس غم کی آئی نہ تاب
خفا ہو گیا صاف انکہو کا خواب
عیال اور اطفال ہمراہ تھے
لیے عزم قدمبوس راہی ہوئے

ہوئی طی مسافت تو پہونچی وہان
بیابان تہا رشک باغ جنان
ہر اک سمت مین زاہدونکی ہجوم
عبادت کی ہر جا ریاضت کی دہوم

بیابانکی جانور آس پاس
نہ تہا آدمی ہی کچھ انکو ہراس
حد شٹر نی اون سب سی پوچھا وہان
چچا اور مان ہین ہماری کہان

قدمبوس کی ہی تمنا کمال
نظر آئین انکہو انکو اونکی جمال
کہان پاؤن قدمونپہ جو سر دہرون
کہ خاک کف پا کو سرمہ کرون

دیا زاہدون نی یہ انکو نشان
لب گنگ پر ہین نہاتی وہان
جو راجہ ہوئی اوسطرف کو روان
وہ دولت ملی راہ مین ناگہان

جمی تہی زخونپر ریاضت کی رنگ
سرون پر دہرے کوزہ آب گنگ
حد شٹر نی قدمونپہ سر رکھدیا
دل زار کو اونپہ قربان کیا

جو پانی کی کوزی تہی وہ اونکی پاس
لیی اپنی سر پہ مگر دل اداس
وہ غم غنچہ دل شگفتہ نہ تہا
خوشی سی سروکار اصلا نہ تہا

بھری ایک دلمیں ہزاروں الم — پھر حال دنیا میں ہی رنج و غم
جدشٹر کی ہمراہ تھی جو حرم — ہراک شخص چھوتا تھا اونکی قدم
وہاں تھی بڑی زاہدونکی ہجوم — عبادت کی جنگل میں تھا ہر سمت دہوم
ہراک مرد و زن کا بتایا پتا — وہ نا آشنا تھی ہوئی آشنا
رعیت تو سب تم سی دلشاد ہے — اوسیطرح وہ ملک آباد ہے
بدل پاسداری ہی مدنظر — خیال رعیت ہی شام و سحر
ہوئی ختم جب یہ جواب و سوال — جدشٹر نی پوچھا بدر کا بھی حال
عبادت میں مشغول ہوگا کہیں — کبھی آ بھی جاتا ہی میری قرین
برہنہ بدن لاغر و ناتوان — پریشان ہو خاک منہ پر عیان
جدشٹر ہوئی اونکی پیچھی روان — مخاطب ہوی کچھ نہ وہ مہربان
جدشٹر نی ناچار فریاد کی — قدمبوسیونکو ترستا ہی جی
قریب اوس جگہ نخل تھا سایہ دار — بدر نی کیا اوسکی نیچے قرار
جدشٹر جو پہونچی بدر کی قریب — نظر آیا اک ماجرائی غریب
یہ حیرت زدہ آہ رونی لگی — غم و رنج میں جان کھونی لگی
کہ آئی وہاں آسمانی صدا — یہ ہی سوختہ آتش عشق کا
یہ رونا بھی اسپر مناسب نہیں — مکانِ ارم کا بدر ہی مکین
سنایا ہراک کو وہ احوال زار — بنی بزم کی بزم آئینہ وار
نہ آباد زا دل بہر اندوہ و غم — کہ ہے سبکو درپیش راہ عدم

ہراک چشم تھی مخزن اشک آہ — گٹی تک جو پہونچا بحال تباہ
نہ وہ تخت شاہی وہ تاج زر — شہنشاہ رونق فزا خاک پر
جدشٹر کا پوچھا سبھوں نے نشان — کیا حال سنجی نی سبکا بیان
سنو اب شہ کوردیدہ کا حال — جدشٹر سی پہلی کیا یہ سوال
جدشٹر نی کی عرض ای بادشاہ — رعایت کی ہر دم ہی اونپر نگاہ
خدا سی دعا ہی کہ سب خاص و عام — رہیں سلطنت میں مع ہی شادکام
کہا اسطرح اوس شہنشاہ نے — بہت آدمی سی ہی نفرت اوسے
یہی گفتگو تھی کہ آئے بدر — خدا ساز تشریف لائے بدر
ہجوم زن و مرد وہ دیکھکر — نہ آئی بھری پھر اوسی راہ پر
نہ دیکھا اودھر منہ کو بھی پھیر کر — ہوا کچھ نہ انسی وہ اصلا خبر
جدشٹر ہو تمہیں ابھی بدر آئے — نظر لطف کی مجھپہ فرمائے
جدشٹر کی جانب اوٹھائی نظر — رہی کچھ نہ پھر اونکو اپنی خبر
بدر کی فقط جسم کا ہی نشان — رواں ہو گئی صاف قالب سی جان
یہ چاہا جلاؤں میں اس لاش کو — کہ ناحق خراب اوسکی مٹی نہو
جلاؤ نہ اس جسم بیروح کو — یہ خود جل بجھا ہی نہ تم آگ دو
پھر آئی جدشٹر وہاں سی حزین — بنی چادر آب ہر آستین
مگر وہ شہنشہ بہت خوش ہوا — قضا اسکو کہتی ہیں اچھا ہوا
بیابان کی ہیوی کبھی پھر طلب — ہوئی بہرہ ور فیض سی اوسکی سب
وہ باتیں کہیں کام آئیں پھر نجات — ہوئی صبح باتوں میں گذری وہ رات

چمن ہفتم دربیان درخواست دھرتراشٹر از بیاس جی دیدار کشتگان

ہوئی صبح اوٹھی وہ صحرا نشین — کسی شی کی پروا انہیں انکو نہیں
بیاس اتفاقاً نمایاں ہوئے — اونہیں دیکھکر لوگ شاداں ہوئے
بہشت بریں میں ہے اونکا مقام — اطاعت میں ہیں حور و غلمان تمام
جو مغموم دیکھا تو بولی بیاس — کسیطرح دلکو نرکھی اوداس

جدشٹر نی سب انکو دیا — بہت چرم شیر اور جام طلا
ہوئی وہ جدشٹر سی یوں تر زبان — پدر کو ملی قربی وہ نگران
جو وہ شاہ آنکھوں سی معذور تھے — عزیزوں کی اندوہ میں چور تھے
کسیکا نہیں دل زفانی میں گھر — تمہارا قریب آیا وقت سفر

مگر کچھ دنونکی ہی اب زندگی
سنو منزل عمر طی ہو چکی

دل زار میں ہو جواب آرزو
اشارہ ہو لاؤں ابھی روبرو

ہوا ہو نہ جو زاہدونسی ہی کام
میں اوس کام کو آج دون انتظام

کہا اوس شہنشاہ نی ای بیاس
مہیا ہی دنیا کا اسباب پاس

بتا دیجئی پہلے مجکو وہ راہ
ملی باغ جنت یہی دلکو چاہ

سوا اسکے بھیکم کا ہی لڑکونکا غم
ستاتا ہی لڑکونکا بھی کچھ الم

اسی وجہ رہتا ہوں ہر دم ملول
اسی داغ نی دلمیں کھینچا ہی طول

پس مرگ کیا حال اونکا ہوا
بیان کیجیی مجھسے یہ ماجرا

جو کنتی نی اوسدم سی یہ سخن
لگی دل پہ شمشیر یاد کرن

بیاس نکوکار نے پھر کہا
خدا سی ہی اسوقت یہ التجا

جو میدان میں کشتہ ہوئی ہین تمام
عزیز اقربا اور سب خاص و عام

دکھائیں وہ سب تمکو دیدار آج
کھلی وہ خزان دیدہ گلزار آج

کرو غسل گنگا میں تم جاکی اب
ملاقات ہوجائیگی وقت شب

اگر خواب آنکھوں میں آئی بنا
وہ تصویر اپنی دکھانی بنائے

غرض وہ شہنشاہ و ہر مرد و زن
ہوئی شاد سنکے یہ تازہ سخن

چمن ہشتم در بیان دعا کردن بیاس حسب مراد دو بزرگ را

نہا دہو کی فارغ ہوئی وہ تمام
کہ اتنے میں آیا وہان وقت شام

بیاس نکوکارنی کی دعا
کہ ناگہ ہوا شور دریا بپا

مہابھارتہ کی جملہ فوج و سپاہ
عزیز اقربا اور سب بادشاہ

برآمد ہوئی گنگ سی ایکبار
عجب زینت و حسن او زینثار

ہر اک شخص کے ساتہ تہا بدخوان
شجاعت کا اونکی زبان پر بیان

ہوئی دیکھکر یکدگر شاد کام
عزیز اقربا فوج کا ازدحام

جو وہ شاہ آنکھوں سی معذور تہے
بصارت کی اوسوقت طالب ہوئے

بفضل خدا آنکھیں بینا ہوئین
بصارت ملی خودبخود وہ ہوئین

جو آنکھوں سی لوگوں نکو دیکہا وہان
گیا رنج و غم دل ہوا شادمان

ہوا گاندھاری کا بھی رنج دور
ملا اونکی دیدار سی کچھ سرور

پیدا ہونا جملہ کشتگان مہابھارت کا سری گنگا جی سے جز جودہن وغیرہ اور دیدار حاصل ہونا اونکا ہر ایک کو عالم اسباب مین



یہ شادی ہوئی غمزدونکو نصیب
در آئی اوسیطرح گنگا مین سب
در آئی ابھی قانزم گنگ مین
ادہر فرقت ہجر و غم دہ ہو گیا
کبھی دوستونسی جدائی نہو
ہوئی اوس شہنشہ کی سب دور غم
جدشٹر نے رخصت جو پائی وہان
کہا گئے و نہین یہ قدم چھوڑ کر
مگر تمسبکو لازم ہی میری خوشی
خداوند خالق کو سونپا ہے تجھے
ہوا خانہ سلطنت سرفراز
جو اس سانحے کو ہوئی دو برس
مقام اونکا جیدم ہو ہا بحر دوا
غرض بعد اک ماہ کھاتی تہی کچھ
وہ سنجی تہا اس شاہ کی ساتھ ساتھ
قضا لی گئی اک بیابان مین
یہ انسان کی موت اچھی نہین
دیا بادشاہ جہان نے جواب
مجھے حق تعالی پر اب چھوڑ دو
ہوا بادشہ سے جو سنجی جدا
جدشٹر کا سنکے ہوا غیر حال
کہا وہ شہنشاہ بیکس ہوا
نہ آیا کوئی آخر اسوقت کام

نظر آئی سبکو عزیز و حبیب
ہوا غم نصیبونکو رنج و تعب
ملائیگا خالق اوسی رنگ مین
ادہر وصل پر ایک ہی ہو گیا
غم و رنج کی بھی رسائی نہو

بجایا جو گھڑیالیون نے گجر
سحر سنج پھر یون ہوئے نغمہ سنج
ہوئین عورتین سنکے سب شاد کام
سُنی صدق دلسی جو یہ داستان
نظر آ گئی شان اللہ کی

چمن نہم دربیان رخصت شدن جدشٹر از دہرتراشٹ

یہ کی عرض ماںسی کہ اے مہربان
اطاعت تمہاری ہے مدنظر
عبادت مین ہو صرف یہ بندگی
سنو تم بھی سونپو خدا کو مجھے

دل زار کا اب یہی مدعا
دیا مادر مہربان نے جواب
مناسب ہے جانا تجھے اپنے گھر
جدشٹر ہوئے اپنی ماںسی جدا

چمن دہم دربیان سوختہ شدن دہرتراشٹ

تردد جدشٹر کو تہا ہر نفس
ہوا ترک آب و طعام ایکبار
بھر اپنی دہن تک نہ لاتی تہی کچھ
وہ کنتی لیے گاندہاری کا ہاتھ
پڑی جا کے سب آگ کی گاہ مین
خدا آگ سے اب بچائے کہین
مناسب نہین اسقدر اضطرار
جدہر جا ہو تم شوق سے راہ لو
تو کوہ شمالی پہ مجھکو ملا
بڑا ہاسر سے دریا ی رنج و ملال
مددگار اونکا نہ کوئی ہوا
ہو آگ مین جل گئی قصہ تمام

کہ ناگاہ نارد نے آکر کہا
وہ کنتی تھی یاد الٰہی مین غرق
رہی گاندہاری سنو اونکا حال
اسیطرح دیر و نہین جانا اونہین
لگی اوس بیابان مین آگ جب
زبان مبارک سے گر حکم ہو
جو کچھ مرضی حق ہے وہ خوب ہے
عبث ساتھ میرے نہ تم ہو بلا
یہ احوال مضطر سنایا مجھے
ٹپکنے لگے قطرۂ اشک آہ
خدا نے دی تہی جسے سوپسر
غم مادر مہربان تہا فزون

شب وصل آئی قریب سحر
جسے جانا ہو اپنے شوہر کے پاس
در آئین وہی گنگ مین وہ تمام
رہی عیش و عشرت سے دلشاد وہان
ہوئین آنکہین پھر بند اوس شاد کی
نہ باقی رہا دلمین رنج و الم
نہ فقد ہو سے تم ان اپنی مین جدا
مجھے بھی نہین تیری فرقت کی تاب
رعیت پہ رکھنا کرم کی نظر
چچی بھی چھٹی اور چچا بھی چھٹا
عدالت سے تہا دلکو فرقت سیاہ
جو آنکہو نسے منظور تہا بادشاہ
اطاعت مین کرتی تہی اونکی فرق
کبھی نوش کرتی تہی آب زلال
سدا ایسے تہو نہین نہانا اونہین
کہا نشاد وران سخن سنجی نے تب
بچا لیجیو ان آگ سے آپ کو
رضائی خدا ہمکو مطلوب ہے
کریگی یہان آگ جنگل کو خاک
بتا اون جلونکا بتایا مجھے
زمانہ نظر آیا بالکل سیاہ
سپاہ گران طاقت و زور و زر
جہانسے گئی وہ بحال زبون

زمین سی فلک جسکو اوٹھا لے گیا
وہ بیکس غریب اسطرح جسی جلی

قیامت کا ماتم ہوا اک بپا
جدہشٹر کا حد سی بُرا حال تہا

رہ حق مین کنتی ہوئی ہی فدا
ملیگا اوسی وہ بڑا مرتبا

چلو آب دو اونکی روحونکو آب
کرو دلسی تم دور رنج و تعب

بہت بادشاہانہ خیرات کی
مناسب تہی اسوقت جو بات تہی

ہی اس مراتب کی وہ پیشوا
قلم لکہی تفصیل اب وسکی کیا

ہوئی منتشر شہر مین یہ خبر
ہر مکان صاف ماتم کا تہا

جو ناردنی دیکہا یہ حال تباہ
کہاین شہ دودلمین تم غم کو راہ

ہوا ہو کہ سبکو جو کمتر نصیب
دکہائینگی اب اونکو جو ہین نصیب

جدہشٹر جو آئی لب گنگ پر
ہوا ایک جا اوسجگہ گہر کا گہر

ججتس اوسجگہ کارپرداز تہی
شہنشہ کی فرزند ممتاز تہی

جو گذرا جدہشٹر پہ یہ سانحا
لڑائی کو اٹہاروان سال تہا

بیاس آسرم پرب تمام ہوا



خیابان شانزدہم از چمنستان سواد ہندوستان یعنی موسل پرب و درین پنج سہ صد اشلوک ہست

چمین اول دربیان ظہور اسباب تمام شدن سلطنت پاندوان

ترقی جہان ہی ہان تہی زوال
مخالف نہ دشمن نہ کوئی عدو
وہ ہوتی تہی ظاہر وہان بدشگون
نشان قافلی کا نہ تہا آشکار
دل زار مین سبکی اندوہ وغم
جدشٹر کی دلکو ہوا انتشار
وہ سارن جج بسدیو کا تہا پسر
بنایا اوسی سوانگ اسنی وہ تن
چلی اوسکی ہمراہ پیرو جوان
جو سارن اسی لیگیا اوسکے پاس
جنی گی یہ کیا ہے کہیجے آشکار
یقین ہی یہ آہن کا دستہ جنے
ہوئی یہ خبر کوچہ برزن مین فاش
ہوا جبکہ اوسدن کا دن دوسرا

گہٹا جب ملا ماہ نو کو کمال
طبیعت تردد سی تہی ایکسو
کہ انجام جسکا بلا شک زبون
نمایان مگر ایک گرد وغبار
دکہائینگی یہ بدشگون کچہ الم
طبیعت نہایت ہوئی بیقرار
طبیعت سی پیدا کیا ایک شر
منگا کردیا جو لباس زنان
چپ و راست تہا مجمع کودکان
کیا اسطرح مضحکہ پی ارس
جو بیباک تہی بولی وہ ایکبار
کہ جانون یہ بیٹ جاؤ دوانکی نے
کلیجہ ہر اک کا ہوا پاش پاش
تو اک دستہ آہن کا پیدا ہوا

جدشٹر کو گذری چہتیس سال
عدو تہی فقط گردش آسمان
ہوا سی برستی تہی آتش کبہی
کہ چہپتا تہا جس سے رخ آفتاب
کہ ناگہ سنی دوارکا کی خبر
مفصل وہانکی سنو داستان
پسر سانت تہا جو سری کشن کا
حقیقت مین وہ مرد عورت بنا
رکہیشر یہ رونق فزا تہی جہان
زن حاملہ دوان سبہی گلعذار
یہ عورت نہین کشن کا ہی پسر
یہ کہکر سخن زاہد عیب دان
کہا کشن نی اسکا چارہ نہین
وہان اوگر سین ایک تہا ہوشمند

رہا اونکی قبضی مین سب ملک ومال
سنو ہستناپور کی داستان
کہ دہشت سی جلتا تہا پانیکا جی
کبہی اوسپہ ہالی کا تازہ عذاب
ہوئی قتل سب جا دوان یکدگر
گیا آکی اک شخص نے یون بیان
غرض اوسنی پہرپ اوسپہ پہرا
حیا دور کی بیمروت بنا
وہ نا زادہ دریا ساد وعیب دان
برابر ہی پوری مہینون کا شمار
نہ سمجہے ہمسے ہے مضحکے پر نظر
فریب جدشٹر ہوئی سب روان
کہ حکم خدا پر اجارا نہین
یہ تدبیر معقول آئی پسند

یہی حکم آہنگرونکو دیے
بہت طرح سوہن سے اوسکو گھسا
جو آہن کا ٹکڑا مسلم رہا
گیا پیٹ مچھلی کا جو اوسنے چاک
بنایا گیا اوس سے پیکان تیر
مگر اوگرسین نکو نام نے
تن زار کا ہید ہ مانند کاہ
جنی مادہ سگ نی بہی بلیان
خزان ہوتی ہی جادوانکی بہار
لیا صاف اقبال نی منہ کو پھیر
کہا کشن نی سب کو اکدن وہان
ارابہ سوار یکا اور گھوڑیان
ہوئین وہ بہی تیران ہر طرح
بدن خوف سے اونکی تھرا گئے
کہ زنّار دارونکو تقسیم ہو
جو کھانی پہ اوسنی چھڑک دی شکر
تنزل پہ اقبال کا آفتاب
روانہ ہوئی کرکی تسلیم شرم
پلائی وہ بلبھدر جی نی شراب
کہ اس جنتری کو بڑا ہی غرور
جو کسکا پاپ ہوا کام سے آ
نہیں سبحہ اجب کو گشتہ کیا
ہوئی طول باتونمین جب گفتگو

بناؤ اوسی سے سر سارنیت کے
مگر ایک ٹکڑا مسلم رہا
اوسے ایک مچھلی نے چارہ کیا
پڑی اوسکی آنکھونمین غفلت کی خاک
دکھائیگا یہ شان رب قدیر
دیا حکم دارو نہ کوئی پیئے
عصائی جمشید سے چلتی تہی راہ
زبونی کا آثار ہر سو عیان
ہوا اونسی فسق و فجور آشکار
تنزل ہین اب جو چلی کیا ہی دیر
تماشا کرین نیرتھ کا جادوان
زمین سے ہی گئین جانب آسمان
نظر سے چھپی وہ صبا کیطرح
ہوئی صبح سب سیر دریا گئے
وہانکا بیان سانحہ یہ سنو
ہوا کارخانہ سراسر خراب
مرتب ہوئی ایک بزم شراب
ہوئی نشہ مے سے وہ بزم گرم
وہانسے گیا شرم نے پا تراب
شراب شجاعت کا دلمین سرور
نہ تھی برہمنی اوسکے بھری اوسکے سا
ہوا ہر نہین تو تی اوسکا لیا
لڑائی کا سامان ہونہ ہاہر دوسو

بہاؤ اوسی بحر ذخار مین
وہ ریزون سی پیدا ہوئی ایک گہاس
وہ مچھلی پڑی دام صیاد مین
وہ آہن ملا جبکہ صیاد کو
جو اس سانحی کو ہوئی چند روز
اجل شکل انسانمین آئی وہان
شگون بد ہون روز پیرو ہی کار
نمایان ہون جب مادہ گاؤ نسی خر
زمانی کی باتین ہوئین برخلاف
زحل مشتری زہرہ شمس و قمر
یہ تھی گفتگو ناگہان اونکا چکر
جو تھین بیرقین کشن و بلبھدر کی
ہوا اس علامت سے سبکو ہراس
ہوا جادوان کا وہان ازدحام
کہ اوس قوم مین ایک چالاک تھا
برہمن رہے اوس سے محروم سب
پیا پی وہان جام چلنی لگے
چھلکنے لگا بزم مین رنگ مے
کہ ناگاہ ساتک کو سوجھی ہنسی
دیا کرت برمانی بہی یہ جواب
سریکش ساتک سے بولی کہ ہان
جو ساتک نی اوس سے کہا یہ سخن
میان سے تیغین کھچین ایکبار

نمایان نہون خار گلزار مین
لگی جیب پہ پڑیگا وہ سانس
اجل آگئی دست جلاد مین
اوسے دم دیا جا کی حداد کو
فرو ہوگیا آتش غم کا سوز
سراپا سیہ فام تہی الامان
کہ اسسے جو ہی ہوئی آشکار
نظر خیر کی کب ہی انجام پر
بہت قرب پہونچا ہی وقت مصاف
ستارونمین باقی نہین اب اثر
ہوا کی ہوا بس اوسے وقت نذر
کبھی شکل سیمرغ و ہنومنت کی
تعجب ہر اک شخص کو بیقیاس
سری کشن جی نی منگایا طعام
بڑا شورہ پشت اور بیباک تھا
عیان چہرہ کشن جی پر غضب
حیا کی جو پردی تھی جلنی لگی
کسی پر نہ ظاہر تہا آہنگ مے
یہی کرت برماسی کی دل لگی
کہ ساتک کو اصلا نہین ہی حجاب
جواب اس سخن کا یہ دیتی [illegible]
ہوئی آتش غصہ اک شعلہ زن
ہوا گرم ہنگامہ کارزار

جدا جو ہوا کرت برما کا سر
سریکشن جی تھی جو بیٹھی وہان
عجب گھانس مین کاٹ تہا تیغ کا
لیا جادوان نی اوسی جا سی تیغ
کیا بڑیکی بہائی نی بہائی پہ وار
جو دارک بہلیان تہا ہوشیار
سریکشن جی کا سنو حال اب
جو آیا ہوئی آپ اوسپر سوار
کہ ہین سایہ نخل مین جلوہ گر
سہری کشن آئی جو نزدیک تر
جوان جادوانمین تہا نرنام ایک
جد شٹر کو دارک سنائی خبر
کہا جا کی بسدیو سی حال زار
گلستان مین آئی بہار خزان
کیا ہی جو ارجن کو بین نی فلک
کہ ہی اونکی اب زندگی ہی وبال
سریکشن آئی جو بہائیکی پاس
قلم لکھی بلبہدر کی داستان
وہ افعی تہا ہم شکل کوہ عظیم
بیابان مین بیٹھی وہ خستہ جگر
شکاری نی دیکھا کف پا کہین
کف پا کو سمجھا جو اوسی شکار
شکاری نی دیکھا قریب اوسکی جا

ہوئی اقربا اوسکی سینہ سپر
زمانیکے احوال اوپر عیان
مقابل جو آیا دوبارہ کیا
تو چلنی لگی اوس جگہ تیغ بدریغ
ہوئی قتل سب جادوان یکبار
کہا کشن سی ہون مین بھی نثار

کسیکو نہ تھا حکم خالق مین دخل
نمایان ہوئی تھی جو آہن سی گاہ
جو اوس گھانس کے سب ہوئی تیر تہی
رہی کچھ نہ تمیز وقت مصاف
کیا عابدونکی دعا نی اثر
خدا جانی بلبہدر جی ہین کہان

چمن دوم دربیان سوار شدن سریکشن بہ پیدن بلبہدر

تجسس مین بلبہدر کی بیقرار
مگر خشک ہی زندگی کا شجر
ہوئی کچھ نہ بلبہدر زادونسی خبر
دیا کشن جی نی اوسی کام ایک
ہوا دست صیاد سی قتل ہر
کہ ماری گئی جادوان یکبار
مرتب ہوئی بزم زاری وہان
شکیبائی و صبر لازم ہی اب
یہان اب ٹھہرنا ہی دم محال

ہوئی جس گھڑی قطع تہو لیسی
مژہ سی مژہ کو فقط ہی وصال
اوسیطرح آنکھین یہ ہین دونون بند
ہوا گھر کی جانب وہ جلدی روان
ہوئی آپ بلبہدر جی سی جدا
لگا اونکی سینے پہ تیر الم
سریکشن نی سبکو تسکین دی
مری ملین ہی وہ عزیزونکا غم
غرض پاون بسدیو کی جو مر

چمن سوم دربیان گم شدن سریکشن و بلبہدر

شگفتہ ہوا رنگ غنچہ دہان
گیا سوی دریا برنگ نسیم
زمین فرش تہی اور تکیہ شجر
وہ بیعقل تہا دلمین سمجہا نہین
نشانہ کیا تیر سی ایکبار
نہایت ہوا دلمین سیہ ملال

برآمد ہوا اوس کے مار سفید
سریکشن کو اور بھی غم ہوا
وہ زانو پہ رکھی ہوئی ساق پا
کہ ہی کشن کا یہ کف پا نمود
اوسی لوہی کا تہا یہ پیکان تیر
دہرا پاو پر کشن کی اپنا سر

ہوئی ساتک پردمن دونون قتل
سریکشن کی تہی وہ پیش نگاہ
اجل کی سب احوال اوپر کہلے
پدر نی پسر پر کیا ہاتھہ صاف
ہوا صاف لحظی مین وہ گھر کا گھر
کہ اس رزمگہ مین نہین ہی نشان
ارادہ کیا اپنا اوس جا طلب
نظر آئی ناگہ بحال تباہ
خدا جانی کسکا بندہا ہی خیال
نہ دیکھا ذرا جانب کشن چند
حفاظت کری عورتونکی وہان
روانہ ہوئی جانب دوارکا
ہوا عورتونکو بھی اک تازہ غم
کہا مٹتی ہی بات تقدیر کی
نہ ٹھہرونگا اس شہر مین ایکدم
روانہ ہوئی پھر وہ خستہ جگر
دل زار رنج والم سی اداس
نہ رکھی مین نہاکو ہسبار سفید
ہر اک دیدہ اشکو سی پر نم ہوا
بنی رنج و اندوہ مین مبتلا
کہین مہر سی وشتی مین فرود
کہ جس سی ہوئی قتل ہر ناو پیر
و دنا ہم ہو اپنی تقصیر پر

سری کشن جی نی خطاکی معاف — دل اونکا تھا آئینہ مرسی صاف
طرف آسمان کی ہوئی جب روان — ہنی غیرت نور دونون جہان
نہ تھی ایک کو آگی بڑہنی کی تاب — ہر اک نی کیا نور سی یہ خطاب
نمایان ہوئی کشن سی وہ تجلی — تجلی تھی وہ شعلۂ طور کی
مہادیو برہما ہر اک دیوتا — مقامون تک اپنی ہر اک ساتھ تھا
اگر یک سر موی برتر پرم — فروغ تجلی بسوزد پرم
قلم ہی ادب کا یہان پر مقام — زبان آوری کی نہون اب کلام

چمن چہارم در بیان فرستادن جدشٹر ارجن را بدوارکا

یہان لب ہلانا بھی دشوار ہے — کری بات کوئی سو بیکار ہے
یہ راز نہان آشکارا نہین — یہان فہم کا کچھ اجارا نہین
ہر اک دیوتا کو ہی حیرت وہان — کھلا یہ کسی پر نہ راز نہان
کوئی کنہ کو اونکی پہونچا نہین — لگی ایکجا آسمان و زمین
یہان عقل اول کی جلتی ہین پر — لیا چاہیی داستانکی خبر
جو تھوڑا سا باقی ہی احوال زار — قلم اب کری اوسکو بھی آشکار
یہ قصہ جو کچھ تھا وہ طی ہو چکا — رقم سی قلم ہاتھ بھی دہو چکا
جہانمین نہین ہی کسیکو قرار — خزان اس چمن کی ہی آخر بہار
جو تھا اصل مطلب کیا سب رقم — نہ اوٹھا کبھی رزمگہ سی قدم
فقط چار دن کی یہ تھی چاندنی — جدشٹر کی اب جان پر ہی بنی
جدشٹر سی دارک نی آکر کہا — کہ نام و نشان جادوانکا مٹا
مفصل سنایا وہ قصہ تمام — خبر صاف کشتونکی دی نام نام
مٹا دم مین وہ گھر بشکل حباب — وہ سب کارخانہ ہوا نقش آب
پیام سری کشن لایا ہو نہین — بلانیکو ارجن کی آیا ہو نہین
ہوا ہستناپور مین تازہ غم — پھری سبکی گردن پہ تیغ الم
عجب حال تھا مرد و زن کا وہان — کہ چشمونسی دریا ہی غم کا روان
زنون نی پریشان کیی سر کی بال — وہ اندوہ و غم جس سے جینا محال
جدشٹر نہایت ہوئی بیقرار — گیا دل سی اکبار صبر و قرار
روانہ ہوا اب ارجن نامدار — کہ بسدیو کو حد سی ہی انتظار
یہانسی وہ ارجن جو پہونچا وہان — یہ دیکھا کہ گلزار مین ہی خزان
ہر اک سمت ہی شور ماتم بپا — گئی آہ کی آسمان تک صدا
پڑی غور تونکی جو اوس پر نظر — ہوا موج زن قلزم چشم تر
وہ رونی لگین اسطرح زار زار — برستا ہی جسطرح ابر بہار
اوڑی ہوش ارجن کی ہی [illegible] — وہ غم آئی تھی جس سے ہونٹون پہ جان
جو کچھ دیر مین ہوش آیا اوسے — تو بسدیو جی نی سنایا اوسے
کہ گذرا ہی اسطرح کا حال زار — چھپی ہین دل زار مین غم کی خار
مناسب جو سمجھو کرو اوسکا کام — کہ اس گھر کا اب ہو چکا اختتام
مجھی تاب ہی کشن کے اب کہان — قدم ہی ٹھہرتی نہین ہین یہان
ہوئی غم سی اب زندگانی وبال — مجھی ایک دم بھر ہی جینا محال
کہ ناگاہ وارد ہوا برہمن — سنایا یہ ارجن کو تازہ سخن
جو یہ شہر آباد ہے دوارکا — بہا اوسکو طوفان لیجائیگا
مٹے گا کوئی دم مین بشکل حباب — زمین صاف ہو جائیگی نقش آب
مناسب ہی تدبیر اسکی ضرور — زن و مرد سب شہر سے جائین دور
ہوئی آہ و زاری مین شب تمام — نمایان ہوئی صبح مانند شام
یکایک محل سی یہ آئی صدا — کہ بسدیو نی پی شراب قضا
روانہ ہوئی اسوی باغ ارم — ٹرہا رنج پر رنج اور غم پہ غم
غم و رنج سی تلخ تھی زندگی — بسرعت یہ تدبیر ارجن نی کی
کہ تجہیز و تکفین انکی منود — باعزاز و اکرام و رسم منود

جہان کشن جی نی کیا جگ تہا
گیا کشن و بلبہدر کا جملہ کام
بہت مال و اسباب نے رساتہ تہا
دلاور نی ہرچند کہینچی کمان
بر آیا نہ ارجن سی اوسوقت کام
جو دہلی مین آئی وہ سب خستہ جان
محبت کی آتش تہی شعلہ فشان
پسند آئی سنّاسیونکی لباس
اسی وجہ تہوڑا ہوا ہی رقم
طبیعت غم و رنج سی تہی اوداس
عنایت سی تہا اونکی مجہہ پہ رو
جو گذرا ہی احوال پیش نظر
یہی کام تہا اونکو مدّ نظر
کہ پہونچا ہی اقبال کا اب زوال

وہان اونکا گریہ کرم سب ہوا
لٹایا زر و نقد و زیور تمام
مقام آگی پنجاب مین جو کیا
نہ کام آئی اوسوقت تاب و توان
لٹا ہای اسباب و زیور تمام
وہ ماتم کا شور الامان الامان
جلین پانچ کر کہیت مین انیان
کہ اسباب عشرت نہ تہا کوئی پاس
زیادہ الم سی وہ جہتا ہی دم
گئے ایکدن جو قریب بیاس
کہ فیلونکو سمجہا کیا مثل مور
یہ تہا عابدونکی دعا کا اثر
ہوئی جا کی پہر اپنی گہر جلوہ گر
فقط زندگی کا یہی تہا مآل
سنی جبکہ ارجن نی اونکی سخن

پڑی تہی جو وہ لاشۂ جاودان
سریکشن جی کی جو تہین رانیان
کیا رانکو چو ٹٹون نی یہ کام
جو چاہا کہ لی تیغ کو میان سے
ہوا خوب چورونکا مطلب حصول
سنو کشن کی رانیونکا بیان
ہوئین اور سب جا کی صحرا نشین
بہت طول تہا غم کا یہ جانگزا
سنو قصۂ ارجن خستہ جان
مفصل سنایا وہ سب جانگزا
ہوئی تر زبان اسطرحسی بیاس
سریکشن کا تہا جو مطلب بیان
یہ سب قوتین تہین اونہین کے سبب
ہوئی صبح ایام دولت کی شام
روانہ ہوا جلد سوئی وطن

اونہین بہی آئین جلا یا وہان
وہ ارجن ہوا ساتہ لیکر روان
لیا لوٹ اسباب و زیور تمام
کری قتل ہر دزد کو جان سے
دل ارجن ناتوان تہا ملول
کہ سولہ ہزار آٹہہ تہین رانیان
غم و رنج سی دل تہی اونکے حزین
مگر دلکو منظور ہی اختصار
کہ باقی نہ تہی اوسمین تاب و توان
غم کشن سی ہی یہ سینہ فگار
عبث غم سی رہتا ہی دل اوداس
زمین کا کیا دور بار گران
کرو ترک تم بادشاہی کو اب
قریب آئی شب دن ہوا ہی تمام

موسل پرب تمام ہوا

خیابان ہفتدہم از چمنستان سواد ہندوستان یعنی جان پرب در بیان سبھا پرب ہفت صد بست اشلوک ست
چمن اول در بیان ترک سلطنت پانڈوان و رفتن بطرف شمال

جدہشٹر کو جا کر سنایا یہ حال
اس اقبال کا کچھ نہیں اعتبار
کبھی اس سے ہی عیش و عشرت نصیب
سنا کشن کا جب جدہشٹر نی حال
پریکہت کا چمکا ہے اتہا جو بخت
سکہائی عدالت کی بہی شستہ نی راہ
دیا اوسکو ارجن نی دہلی کا راج
نہ رکہا دریغ اوسنی ایثار طعام
کیا ترک سب دولت و ملک و مال
تصدق دلو نسی کیی نقد جان
ہوئی شہر سی جس گہڑی یہ روان

کہ ہی اوج اقبال کا اب زوال
کسیکو نہیں ہی یہاں پر قرار
کبھی یہ بتاتا ہی غم کو حبیب
لگا ایک سینی پر تیر ملال
دیا سلطنت کا ادہسی تاج و تخت
رعیت پہ رکہنا کرم کی نگاہ
نکرنا نظر جانب تخت و تاج
رہی درمیان اس امر کا بہی مدام
عوض پیرہن کے درختونکی چہال
بہلا ساتہ اب چہوٹتا ہی کہان
رعیت کا قصہ کرون میں بیان

کہا کشن نی بلبہدر کا جملہ حال
تماشا دکہاتا ہی سب آسمان
کبھی دولت و جاہ دیتا ہی یہ
اوسی وقت دنیا سی دل پہر گیا
ججتسں تہکو کار عالیمقام
نبیرہ جو تہا کشن کا بجر نام
رہی روح ہر جادوان پر نظر
جدہشٹر نی آخر سجکم بیاس
سنو بہائیونکا بہی اب انکی حال
اطاعت میں پانچونکی تہی دوپدی
وہ روتی تہی مانند ابر بہار

ہوا جادوان کا بہی کہر پائمال
گدا ہی کوئی کوئی شاہ جہان
کبھی دیکی پہر چہین لیتا ہی یہ
زر و مال نظروں سی سب گر گیا
وزارت مقرر ہوئی اوسکی نام
رہی پاس الفت کا اونکی مدام
قضا نی کیا صاف سب اونکا گہر
بدن سی کیا دور شاہی لباس
جدہشٹر سی چارونکو الفت کمال
کہ پروا ہی اسباب دنیا نہ تہی
کہ راہی ہوا شہر کا شہریار

چھوڑنا پانڈون کا سلطنت کو اور جانا طرف شمال کے



تلاطم عجب ہستناپور مین
دلونمین مسافر خوشی تھی کمال
مگر ایک کتا بھی ہمراہ تھا
گذر جب ہوا ایک تالاب پر
ہوا صاف ارجن سی لوہتن زبان
اسیوقت پانی مین ڈالی کمان
وہانسی چلی جانب دوارکا
ہوئین شستکی انکھین وہ گوہر فشان
روانہ ہوئی پھر سبھوئی شمال
گذر پھر ہوا اونکا اوس کوہ پر
بدی تھی جہین فریدی کی کل

پریشان سب ہستناپور مین
کسیطرح کا تھا نہ دلپر ملال
رفیقونکی اقلیم کا شاد تھا
الوپیت تھا نام اوسکا مشہور تر
مین آتش ہون وہ مجکو میری کمان
دکن کیطرف پھر ہوئی سب روان
جو پہونچی تو ارجن نی سب سی کہا
زمین پر تھی اشکونکی دریا روان
پہاڑونکا لکھی قلم تازہ حال
جہان پر ہی ریگ روان
ہرانا گمان زندگی مین خلل

زن و مرد طفل و جوان لوحہ گر
بیابانمین دریا کی صدہا روان
چلی جب وطن سی سنو داستان
کیا غسل سبنی جو تالاب مین
اسی آب مین چلکری گشن کا
تماشی تھی ملکونکی مد نظر
یہان دوارکا شہر آباد تھا
ملا آب اشکونکا اوس آب مین
ہمانچل پہ پہلی ہوا تھا گذر
وہانسی لیا چلکی کوہ سمیر
اوسی سب سی ارجن گری تھی فلک چاک

وہ ابر مژہ غیرت ابر تر
زمین پھر گئی کیا پھر آسمان
مسافر تھی مشرق کی جانب روان
نظر آیا اک شخص اوس آب مین
خلاصہ یہ مضمون جو اوسنی کہا
ہوا شہر گجرات مین جب گذر
ہوا پانی پانی بحکم خدا
مسافر جیہون پہونچی پنجاب مین
تماشے پہاڑونکی مد نظر
قضا نی لگائی ہی کیون انکی دیر
دکھائی قضا نی جدائی کی راہ

اجل کی جو سہہ دیونی تی تیر آب
جو ارجن نی کہایا خدنگ قضا

وہ اختر شناسو نہیں تہا انتخاب
فن تیر پر اپنے مغرور تھا

نکل نی گیا پھر جہانسی سفر
جو تہی زور قوت پر ہردم نگاہ

کہ تہی جسن پر اپنی اوسکو نظر
زمین پر گرا بہیم بیجان آہ

ہمین دوم دربیان روانہ شدن راجہ جدشٹر بہ نفس نفیس

جدشٹر اکیلے جو مغموم تھے
سر راہ اندر نمایاں ہوئے
محبت وداع اس جہانکی کرو
جہاں ہو مری بہائیوں کا مقام
تمہارا فقط اونکو ہی انتظار
یہ کتا ہی اسوقت ہیں جو رفیق
شنا جیکہ اندر نی طرفہ کلام
جدشٹر نی جسدم سنی یہ کلام
ہوئی طول آپسمیں جب گفتگو
جو اسدم ہی منظور تھا امتحان
وہانسی چلی پھر بسوئی جنان
جہاں ہیں مری بہائی ہو جاؤں وہاں
کیا پھر جدشٹر نی حق سی طلب

کہیں مہر سی بڑھکی تاباں ہو
چلو سیر باغ جنانکی کرو
عنایت ہو مجھکو وہاں پر قیام
جدائی سی دلمیں بہت بیقرار
سمجھتا ہوں دل سی میں اپنا شفیق
کہا سگ کا ہی خلد میں کب مقام
کہا کیا ہی پھر مجھکو جنت سی کام
وہ شنگ دہرم بنکی ہوا روبرو
ہوئی جامۂ سگ میں صنع رب عیان
ارابہ بشکل ہوا تھا رواں
یہ سنکر وہ نارد ہوئی تر زبان
مراد دلی جلد حاصل ہو اب

جدشٹر سی فرمایا ای تاجور
جدشٹر سے اندر نی جسدم کہا
دیا سنکے اندر نی اونکو جواب
جدشٹر نی اندر سی پھر یہ کہا
بٹھا لو ارابی پہ ای مہرباں
یہ کتا نہ ہرگز وہاں جائیگا
مجھے باغ رضوانکی پروا نہیں
جدشٹر سی بولا وہ عالیمقام
ہزار آفرین ایسی اخلاق پر
کہ ناگہ ہوئی آکی نارد دوچار
یہاں پر کسیکا نہیں اختیار
جہاں تیرے بہائی ہوئی پہنچو وہاں

لیا ساتھ کتنے کو آگے چلے
ارابہ پہ ہو جبکی جلوہ گر
مرے دلکا حاصل ہوا یہ مدعا
ارم میں ہیں سب غیرت آفتاب
دل اس بات سی میر ایکسو ہوا
رفاقت کا اب ہو چکا امتحان
ارم میں نہ تل بھر جگہ پائیگا
جدا مجھسے ہوتا ہی کتا کہیں
میں کتا نہیں دہرم ہی میرا نام
یہاں بھی رہی راستی پر نظر
جدشٹر ہوئی اونسی یہ ہمکنار
فقط اسمیں ہی دخل پروردگار
وہ دوزخ ہوا اور وہ باغ جنان

جان پرب تمام ہوا